اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَعِبْرَۃً لِّاُولِی الْاَبْصَارِ

سپاس کردگار کہ درین روزگار فرخ آثار رسالۂ نزہت بخش فرحت بار

(مسمّٰی بہ)

چکیدۂ خامۂ گہربار کاشف اسرار [illegible]

زواھر الافکار

شرح

جواھر الاسرار

[illegible]

مع ترجمۂ عالی گہر والا تبار نتائج آثار اسلاف کبار جناب مولوی محمد تقی حیدر صاحب سلمہ اللہ العلی الاکبر

باہتمام محمد قادر بخش

در مطبع صبح المطابع واقع تھوگی ٹولہ رونق لکھنؤ طبع یافت

فہرست مضامین رسالہ زواہر الافکار شرح جواہر الاسرار

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

برکندن جواہر اسرار سخن از بدخشان خیال
ہمانا بغرض آویزش آویزہ ہاے گوش شاہد
حمد بے حجابے ست کہ با این بے حجابی در
پیچیدہ ہزار حجاب است و با وجود این حجابہاے
تو بر تو بے حجاب و روشن تر از آفتاب یکتاے
کہ ہمہ ستایش را سپاسہا از وست و ہمہ
انچہ کہ ستایش و سپاس باوست ظاہر از سپاس
و ستایش اوست بلکہ واصف و موصوف ہمہ
اوست و نیز ہمہ از و منصفے کہ از اجناس ممکنات
نوع انسان را بہ تکریم عرض عام علم و تشریف

جواہر اسرار سخن بدخشان خیال سے نکالنا
بغرض زینت گوش ایسے بے حجاب کے شاہد حمد
کے سبب ہے جو باوجود اس بے حجابی کے اٹھارہ
ہزار حجاب مین ہے اور باوجود ان تہ بر تہ
حجابات کے بے حجاب اور آفتاب سے زیادہ
روشن ہے - ایسا یکتا کہ تمام تعریفون کی تعریف
اوسی سے ہے اور جو چیز قابل تعریف ہے وہ
اوسی کی تعریف کی وجہ سے ظاہر ہے بلکہ واصف
موصوف سب وہی اور اوسی سے ہے ایسا عادل جسنے اجناس
ممکنات مین سے نوع انسانی کو عرض عام علم و خلعت

خاصهٔ عقل مشرف و مکرم نمود و بر سائر
موجودات معظم گردانید که وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْ
آدَمَ بعضے را بسوابق عنایات ازلیه
باقصی مدارج سعادات موصول کرد و برخے
را باخلاق و اعمال خیر موفق ساخت و آیهٔ
اَلسَّابِقُوْنَ السَّابِقُوْنَ اُولٰئِكَ
الْمُقَرَّبُوْنَ لَاخَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا
هُمْ يَحْزَنُوْنَ در صفت ایشان فرموده
اند کے را بواسطهٔ متابعت نفس از مبدأ
اصلی در بیدا عمی و غرور سرگردان ساخت
نیل بداختری بر ناصیهٔ حال ایشان کشید
که مَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِيْ فَاِنَّ لَهٗ
مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
اَعْمٰى ـ وانداختن گوهر سخن بزیور صلوٰة
محبوب برحق و هادی مطلق است صلعم که
بادیه نشینان صحرائے تحیر را از طریق افق
مبین به بلد امینی که محل اشراق نور محبت
و مطلع طلوع مهر مودت ست رسانید
فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ و امتیانش را به مصباح

خاص عقل سے مشرف کرکے تمام موجودات پر
بزرگ کیا چنانچہ فرمایا کہ ہم نے بنی آدم کو بزرگ
کیا۔ بعضون کو محض عنایت ازلی سے انتہائے
مدارج سعادات پر پہونچایا اور بہتون کو
نیک اعمال و اخلاق کی توفیق دی اور اونکی
صفت مین فرمایا کہ۔ وہ لوگ جو سبقت لیگئے ہین
مقرب ہین اون پر خوف نہین ہے اور نہ
وہ غمگین ہوتے ہین۔ اور کچھ لوگون کو بسبب
پیروی نفس مبدأ اصلی سے دور کرکے
میدان کورچشمی و غرور مین سرگردان کیا
اور اون کی پیشانی پر بدنصیبی کا داغ دیا
کہ جس نے میری یاد سے مونھ پھیرا اوسکی
زندگی خراب ہوئی اور اوسے قیامت کے روز
اندھا اوٹھاؤنگا۔ اور باتون کے موتی اوس
محبوب برحق و ہادی مطلق کے زیور درود
مین گوندھنے کے لایق ہین جس نے میدان تحیر
کے تھکے ماندون کو کھلے راستے سے امن و امان کے
شہر مین جو نور محبت کے چمکنے کی جگہ اور آفتاب عنایت
کے طلوع ہونے کا مقام ہے پہونچایا کہ میری پیروی
کرو اللہ تم کو دوست رکھیگا اور اپنی امتیون کو چراغ

ہدایت وانظار صحیحہ در مشکوٰۃ بیت اللہ کہ
جلوہ گاہ انوار قدس است مقام داد
وَمَا مِنَّا اِلَّا لَهٗ مَقَامٌ مَّعْلُوْمٌ و قوت
عاقلہ اولیا را بر براق اقتدار نشانید بفضائے
روح افزاے اللّٰہُ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ
فِرَاشًا مجال سیر ارزانی داشت و خاتمہ
محمود این ہمہ باتحاف تحف تحیات ست
بر آل او کہ اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِی الْقُرْبٰى در شان
شان نازل است و اصحاب او کہ بشارت
اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ
بر فضیلت ایشان عائل۔
و بعد ازین چنان می نماید احقر افراد بشر
علی انور ابن حضرت قطب ولایت
نجم ہدایت سیف اللہ المسلول مقبول اہل
قبول قدوۂ علماء فحول زبدۂ کملاء فروع و
اصول حضرت حیدر الاثر مولانا و ابینا شاہ
علی اکبر قلندر ابن حامل رایات ولایت
حاصل غایات ہدایت القائل بالصدق
والداعی الی الحق مشکوٰۃ القائین

ہدایت و نظر صحیح سے مشکوٰۃ بیت اللہ مین جو
انوار قدس کا جلو خانہ ہے ٹھہرایا۔
ہم مین سے کوئی ایسا نہین جس کی جگہ مقرر نہو
اور اولیاء کی قوت عاقلہ کو براق اقتدار پر بٹھا کر
اس جان بخش فضا مین سیر کرنیکی اجازت دی
کہ اللہ نے زمین کو تمھارے لیے بچھایا اور اس تمام
کلام کا حسن انجام آپ کی اولاد پر کہ جن کی
شان مین اِلَّا الْمَوَدَّة فِی الْقُرْبٰى نازل اور آپ
کے اصحاب پر جن کی فضیلت پر بشارت
اشداء علی الکفار رحماء بینہم شامل ہے تحائف
تحیات گذراننے سے ہے۔
اس کے بعد احقر افراد بشر علی انور ابن حضرت
قطب ولایت نجم ہدایت سیف اللہ المسلول
مقبول اہل قبول قدوۂ علماے فحول
زبدۂ کملاے فروع و اصول حضرت
حیدر الاثر مولانا و ابینا شاہ علی اکبر
قلندر ابن حامل رایات ولایت
حاصل غایات ہدایت قائل بصدق
و داعی بسوے حق مشکوٰۃ قائین

سراج القانتین حضرت ابی تراب و
کاظم المظہر مولانا و جدنا و مرشدنا شاہ
حیدر علی قلندر قدس سرہ و کاسہ لیس
خوان افادت و افاضت حضرت قدر
قدرت خازن علم اللہ معدن کلمۃ اللہ
کہف الاسلام حرز الانام محی السنۃ ضیاء
اہل الجنۃ مولانا و مرشدنا و استاذنا و جدنا شاہ
تقی علی قلندر قدس سرہ چون ظاہر است
کہ سرمایۂ نفس انسانی کہ عمر است در معرض
زوال است و دفع این آفت فنا کہ بمصداق
کُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ لازم طبعی نفس
است ممتنع و محال بنا برین خردمندان
باندیشۂ صائب و رائے ثاقب طریقے
جستند در استدامت کسب و اکتساب سعادات
تا قایم مقام ثمرۂ عمر ایشان بود و پس از ایشان
باقی ماند و از ینجاست آنچہ شارع علیہ السلام فرمود
الدُّنْيَا مَزْرَعَةُ الْآخِرَةِ و این طریق
مستقیم را آثار خیر و افعال پسندیدہ و ذکر جمیل
نام داشتہ کہ آنچہ ازان در مدت حیات

سراج قانتین حضرت ابی تراب و
کاظم مظہر مولانا و جدنا و مرشدنا شاہ
حیدر علی قلندر قدس سرہ و کاسہ لیس
خوان افادت و افاضت حضرت قدر
قدرت خازن علم الٰہی معدن کلمۃ اللٰہی
کہف اسلام حرز انام محی سنت ضیاے
اہل جنت مولانا و مرشدنا و جدنا و استادنا
شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ یہ عرض کرتا ہے کہ
سرمایۂ نفس انسانی یعنی عمر معرض
زوال مین ہے اور اس آفت فنا کا دفعیہ جو
بمصداق آیۃ کل نفس ذائقۃ الموت لازم طبعی
نفس کی ہے۔ ممتنع و محال ہے اسلیے عقلمندون نے
بہت غور و فکر سے حصول سعادات کی بقا
کی ایک راہ نکالی ہے جو اون کے ثمرۂ عمر
کا قائم مقام ہوا اور جس سے اونکی یادگار
باقی رہے اسی لیے آنحضرت صلعم نے فرمایا
کہ دنیا آخرت کی کھیتی ہے اور اسی طریقہ
مستقیم کا نام آثار خیر و افعال نیک و ذکر
جمیل ہے کہ جو کچھ زندگی مین حاصل

کسب نمودہ شود از عقب بیاد ماند چنانچہ
بدین مضمون حدیث مصطفوی ناطق است
اِذَا مَاتَ ابْنُ اٰدَمَ اِنْقَطَعَ عَمَلُهٗ اِلَّا عَنْ
ثَلَاثٍ عِلْمٍ عَلَّمَهُ النَّاسَ وَصَدَقَةٍ
جَارِيَةٍ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ وَوَلَدٍ صَالِحٍ يَدْعُوْ
لَهٗ بِالْخَيْرِ بَعْدَ مَوْتِهٖ و در اخبار از ثقات
بصحت پیوستہ کہ روزے در اثناے کلام
ارسطاطالیس اسکندر را گفت کہ خدا تعالیٰ
ترا عمر جاودانی دہاد۔ اسکندر گفت اے
حکیم از خدا چیزے خواستی کہ اجابت آن
محال است حکیم گفت اے بادشاہ عمر
جاودانی تو نام نیکوے تست من از خداے
خود ذکر تو خواستم و اجابت این دعا محال
نیست و مؤید این قول است آنچہ محققان
در بیان این کہ اسکندر آب حیات یافت
گفتہ اند کہ آن آب حیات علم شایستہ و
سیرت بایستہ است لاجرم احقر بجواب
این سوالات شیخ محمد مقیم ہروی کہ مسمّی بہ
جواہر الاسرار اند پرداخت و آن را بہ

کیا تھا وہ بعد کو یاد رہے چنانچہ
اسی پر حدیث مصطفوی ناطق ہے۔ کہ
جب آدمی مرجاتا ہے تو اُسکے کل اعمال منقطع ہو جاتے
ہین بجز تین باتونکے ایک وہ علم جو دوسرونکو سکھائے
دوسرے راہ خدا مین صدقہ جاریہ تیسرے اولاد صالح جو
اسکے مرنے کے بعد اسکے لیے دعاے خیر کرے اور اخبار مین
معتبر طور سے ثابت ہے کہ ایک روز اثناے کلام
مین ارسطو نے سکندر کو دعا دی کہ خداے پاک
تجھکو عمر جاودانی عطا کرے۔ سکندر نے کہا
تم نے خدا سے ایسی چیز مانگی جس کا ملنا
محال ہے۔ حکیم نے کہا کہ عمر جاودانی سے
نیکنامی مراد ہے مین نے خدا سے تیرے بقاے
نام کی دعا مانگی جس کا قبول ہونا محال
نہین ہے اور اسی کی تائید مین محققین کا یہ قول ہے
جو اونھون نے سکندر کے آب حیات پانے کے
متعلق کہا کہ آب حیات سے علم شایستہ اور
خصائل پسندیدہ مراد ہین۔ اسی لیے مین مولوی
محمد مقیم ہروی کے سوالات کے جنکا جواہر الاسرار
نام ہے جوابات لکھنے پر متوجہ ہوا اور اونکا

زواہر الافکار موسوم ساخت تا دیدہ وران
را تذکارے و مرا پس من یادگارے باشد
واللّٰہ الموفق والمعین ۔

سوال اول در معنی قول حق سبحانہٗ
کہ کَانَ اللّٰہُ وَلَمْ یَکُنْ مَعَہٗ شَیْئٌ بدانکہ
شئ عبارت از وجود است پس ازین جا
چنان معلوم می شود کہ وجودے کہ غیر ذات
حق باشد نہ بود پس غیر او شریک اوست یا
خلق او اگرچہ الحال شریک حق موجود نیست
اما خلق موجود پس خلق ہمہ شئ است چون
او بود و شئ دیگر بجز ذات او نہ بود ہمہ او بود و
چنان نہ بود کہ فوق او یا تحت او چیزے باشد
چنانچہ شخصے پیش حضرت رسالتؐ آمد و گفت
یا رسول اللّٰہ ہر گاہ عالم نہ بود حق کجا بود حضرتؐ
فرمود کہ موسیٰ نیز از حق پرسید کہ وقتے کہ عالم
را نیافریدہ بودی کجا بودی فرمود اَنَا فِی
عَمَاءٍ رَقِیقٍ لَا فَوْقَہٗ ھَوَاءٌ وَلَا تَحْتَہٗ
ھَوَاءٌ زیرا کہ ہوا فوق و تحت ابر می باشد
پس معلوم شد کہ ہر چہ بود ہمان بود پس

زواہر الافکار نام رکھا تا کہ اہل فہم کے لیے
تذکرہ اور میرے بعد میری یادگار ہو۔ اور
اللہ تعالیٰ ہی توفیق و مدد دینے والا ہے

پہلا سوال حق تعالیٰ کی اس قول کی معنی مین
کہ اللہ تھا اور اوس کے ساتھ کوئی چیز نہ تھی۔
جاننا چاہیے کہ شے سے مراد وجود ہی تو یہان پر
ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ وجود جو غیر ذات
حق ہو نہ تھا تو غیر یا اوس کا شریک ہے یا
اوسکی مخلوق اگرچہ شریک حق اس وقت بھی موجود نہین
لیکن خلق موجود ہے تو خلق شے ہے اور جب
وہ تھا اور کوئی چیز سوا اوسکے نہ تھی تو سب وہی تھا
ایسا نہ تھا کہ اوس کے اوپر یا نیچے کوئی چیز ہو
چنانچہ ایک شخص نے حضرت رسالت مآبؐ سے پوچھا
کہ جب عالم نہین تھا تو حق کہان تھا آپ نے
فرمایا کہ حضرت موسیٰؑ نے بھی خدا سے یہی پوچھا
تھا تو ارشاد ہوا تھا کہ مین ابر رقیق مین
تھا جس کے نہ اوپر ہوا تھی نہ نیچے
اس لیے کہ ہوا ابر کے نیچے اور اوپر ہوتی ہے
تو معلوم ہوا کہ جو کچھ تھا وہی تھا تو

وقتی کہ حق بود و با او ہیچ شے نبود الحال
چگونہ با او این ہمہ اشیا موجود شدند و آن
عما چہ شد و چون ہمہ اللہ بود تحت و فوق
و دیگر جہات غیر او نبود اکنون کہ عالم
موجود است تحت اوست یا فوق او و جہات
بچہ جہت غیر او موجود باشند پس انچہ غیر خدا
باشد شریک او باشد ہر آئینہ این سوال را
جواب نغز فرما کہ چگونہ غیر او موجود گشت
اقول و باللہ اصول و احول کہ این عبارت
صراحتًا در قرآن شریف موجود نیست بلکہ
در حدیث شریف است۔ واقعی ذات حق
بود و غیر او نبود چنانکہ اکنون ہست کہ ہمہ
ہست و ہیچ نیست و غیر کہ شریک باشد
بر سبیل احتیاج بود یعنی خلق الحال شریک
حق مع الاحتیاج موجود است این را کہ ما
خلق می گوئیم نبود چہ کہ گوئندہ کجا بود۔ اما
ذات بحسب الذات بود تفصیل این اجمال
آنکہ حقیقت و ذات واجب الوجود ہستی
محض است چہ وجوب مقتضی آن ست کہ

جب حق تھا اور اوسکے ساتھ کوئی چیز نہ تھی تو اب
کیسے یہ سب چیزیں اوس سے ہوئیں اور وہ
عَما کیا ہوا اور جب سب اللہ ہی تھا تو تحت و فوق
اور اور جہتیں اوس کی غیر نہ تھیں اور اب جو عالم
موجود ہے تو اوسکے نیچے ہے یا اوپر اور دوسری جہتیں
کیونکر اوس کے علاوہ موجود ہوئیں کیونکہ جو کچھ غیر حق
ہوگا وہ بیشک اوسکا شریک ہوگا لہٰذا اس سوال کا
نہایت عمدہ جواب فرمایا جاوے کہ غیر حق کیسے موجود ہوا
خدا پر بھروسہ کر کے کہتا ہوں کہ صریحی یہ عبارت
کلام مجید میں نہیں ہے ۔ ہاں حدیث
شریف میں ہے۔ واقعی بجز ذات حق کے
کچھ نہ تھا جیسے کہ اب سب کچھ ہے اور
کچھ نہیں اور شرکت غیر یعنی خلق
بر سبیل احتیاج ہوگی اب وہ شریک حق
مع الاحتیاج موجود ہے یہ جس کو ہم
خلق کہتے ہیں نہ تھی اسلیے کہ کہنے والا کب تھا مگر
ذات بحیثیت ذات تھی اس اجمال کی تفصیل
یہ ہے کہ حقیقت ذات واجب الوجود ہستی
محض ہے کیونکہ وجوب اس کا مقتضی ہے کہ

گرد امکان ولوث عدم گرد سرادقات او
نتواند گشت یعنی در غایت دوری باشد
در احتیاج بہ ہستی و شک نیست کہ ہیچ مفہومی
غیر از وجود باین صفت متجلی نیست چہ اگر
فرض کنیم کہ وجود عارض ذات واجب الوجود
است چنانچہ بعضے از متکلمان بران رفتہ اند
لازم آید کہ ذات واجب الوجود بے ملاحظۂ
عروض وجود فی نفسہ معدوم باشد مانند
ماہیات ممکنات و در تحقق موجودیت
محتاج باشد بعلتے مغایر ذات چہ بداہت
عقل حاکم است بآنکہ علت می باید کہ اوّلاً
موجود باشد تا افاضہ وجود بمقتضاے علت
وجود تواند کرد پس اگر ذات واجب بر تقدیر
مغایرت با وجود مقتضی علت وجود خود باشد
لازم آید کہ پیش از وجود موجود باشد و این
بداہتہً باطل است جامی رح می فرماید

گرد امکان و غبار عدم اوسکے پردہائے جلال پر
نہ پڑسکے یعنی ہرگز وہ کسی ہستی کا محتاج
نہ ہوا اور اس مین شک نہین کہ بجز وجود
کوئی اس صفت سے متجلی نہین۔ کیونکہ اگر
ہم یہ فرض کرین کہ وجود ذات واجب الوجود کو
عارض ہے جیسا کہ بعض متکلمین کا خیال ہے
تو لازم آتا ہے کہ ذات واجب الوجود بے ملاحظہ
عروض وجود فی نفسہ ماہیات ممکنات کی طرح معدوم
اور ثبوت موجودیت مین ایسی علت کا
محتاج ہو جو مغایر ذات ہو کیونکہ صریحی
عقل یہ حکم دیتی ہے کہ پہلے علت کو
موجود ہونا چاہیے تاکہ افاضۂ وجود بمقتضاے علت
وجود کر سکے پس اگر ذات واجب بر تقدیر
مغایرت وجود مقتضی اپنے علت وجود کو ہوگی
تو لازم آئیگا کہ وجود سے پہلے موجود ہو اور یہ
صریحی باطل ہے مولانا جامی فرماتے ہین

واجب کہ وجود بخش نو و کہن است
تصویر وجود بخشش قول کن است
گویم سخن نغز کہ مغز سخن است

واجب جو نئے اور پرانے کا وجود بخشنے والا ہے۔
وجود کی تصویر قول کن کی بخشش ہے۔
مین ایسی لطیف بات کہتا ہون جو تمام باتون کا خلاصہ ہے

هستی است که هم هستی و هم هست کن است

درین رباعی اشاره است باتحاد وجود واجب
با حقیقتش چنانچه مذهب حکما و صوفیه
موحدین است بیانش آنکه موجودات را
بتقسیم عقلی سه مرتبه می تواند بود اول موجودیکه
وجود وے مغایر ذات وے باشد و مستفاد
از غیر چنانکه ممکنات اند دوم موجودے که
حقیقت وے مغایر وجود وے باشد و
مقتضی آن بروجهے که انفکاک وجود از وے
محال باشد و اگرچه بنا بر تغایر ذات و وجود
تصور انفکاک ممکن است چون واجب الوجود
بر مذهب متکلمین سوم موجودے که وجود
او عین ذات او باشد یعنی بذات خود موجود
بود نه بامرے مغایر ذات و لاشک چنین
موجود واجب بود زیرا که انفکاک شئے
از نفس خودش تصور نمیتوان کرد پس چگونه
بجنب خارج واقع تواند شد و پوشیده نماند
که اکمل مراتب وجود مرتبۂ سوم است
و فطرت سلیمه جازم است بآنکه واجب تعالے

که ہستی ہی خود ہستی اور ہست کرنے والی ہے

اس رباعی مین وجود واجب اور حقیقت واجب
کے اتحاد کی طرف اشارہ ہے جیسا کہ مذہب
حکما و صوفیۂ موحدین کا ہے جس کا بیان
یہ ہے کہ عقلاً موجودات کے تین مرتبہ ہین اوّل
وہ جس کا وجود اوس کے مغایر ذات ہو اور
غیر سے مستفاد جیسے ممکنات دوسرے وہ جسکی
حقیقت اوس کے وجود کی مغایر اور اوسکی
مقتضی ہو اس طرح کہ وجود کا انفکاک اوس سے
محال ہو اگرچہ ذات اور وجود کے مغایر ہونیکی وجہ سے
انفکاک کا تصور ممکن ہے جیسے واجب الوجود
بر مذہب متکلمین تیسرے وہ جس کا وجود
اوسکا عین ذات ہو یعنی بذات خود موجود ہو
نہ کسی غیر سے ایسا وجود واجب ہوگا
کیونکہ جب انفکاک شئے اپنی ذات
سے متصور نہین ہوسکتا تو خارجاً کیسے
ہوسکتا ہے اور یہ امر مخفی نہین کہ مراتب
وجود مین سب سے کامل تیسرا مرتبہ ہے
اور فطرت سلیمہ اسکا یقین کرتی ہے کہ واجب تعالی کی

می باید که بر اکمل مراتب وجود بود و ازین جا
علوم شد که چون لفظ وجود و هستی بر واجب
اطلاق کنند مراد بآن ذاتے باشد که موجود
است بنفس خود و موجد است غیر خود را نه
بکون و حصول و تحقق که معانی مصدریه و
مفهومات اعتباریه اند که آن را تحقق و وجود
نیست مگر در ذهن تعالیٰ عن ذٰلک
علواً کبیراً و صوفیه مراتب موجودات را
در موجودیت تمثیل بنور کرده اند و گفته که
اشیاء نورانی در نورانیت همچو این وجود مطلق
سه مرتبه دارند و کیفیت اتحاد وجود واجب
با حقیقتش این چنین می گویند که هر چیزیکه
مغایر وجود است بحیثیتے که نه عین مفهوم
وجود باشد و نه غیر چون انسان مثلاً مادام
که ضم نه کرده شود وجود بوے متصف
نمی گردد به وجود فی نفس الامر پس هر چیزیکه
مغایر باشد مر وجود را در موجودیت فی
نفس الامر محتاج باشد بغیر خود که وجود است
و هر چه محتاج باشد بغیر خود در موجودیت

اکمل مراتب وجود پر ہونا چاہیے اور یہین سے
معلوم ہوا کہ جب لفظ وجود و ہستی واجب پر
بولین گے تو اوس سے وہ ذات مراد ہوگی
جو بخود موجود اور اپنے غیر کی موجد ہے نہ
کون و حصول و تحقق جو معانی مصدریہ
و مفہومات اعتباریہ ہین جن کا ذہن کے سوا
ثبوت و وجود نہین۔ اور جناب باری اس سے
بہت برتر ہے۔ اور صوفیہ مراتب موجودات کی
موجودیت مین نور سے مثال دیتے ہین اور کہتے ہین
کہ اشیاء نورانی نورانیت مین وجود مطلق
کی طرح تین مرتبے رکھتے ہین اور وجود واجب کی
اوسکی حقیقت سے متحد ہونیکی کیفیت یون بیان کرتے ہین
کہ جو چیز وجود سے اس طرح مغایر ہو کہ نہ عین مفہوم
وجود ہو نہ غیر جیسے انسان کہ جب تک وجود
اوس مین ملایا نہ جاوے وہ واقعی وجود سے
متصف نہین ہوتا تو جو چیز موجود ہونے
مین واقعی وجود کی مغایر ہوگی وہ اپنے غیر
یعنی وجود کی محتاج ہوگی۔ اور جو موجود
ہونے مین غیر کی محتاج ہوگی۔ وہ

ممکن ست زیرا که ممکن عبارت ست از
چیزے که در موجودیت خود محتاج به غیر
باشد پس هر چیزے که مغایر باشد مر وجود
را واجب نتواند بود و به براهین عقلیه
ثابت شده که واجب موجود است پس
واجب نتواند بود مگر وجود

سوال اگر کسے پرسد که ممکن آنست که در
موجودیت خود محتاج بغیرے بود که موجد
وے باشد نه وجود وے۔

جواب چیزے که در موجودیت خود محتاج
بغیر است استفادۂ وجود از غیر می کند
و هر چه استفادۂ وجود از غیر کند ممکن ست
خواه آن غیر را وجود گویند خواه موجد
و قائلان اتحاد وجود با واجب دو فرقه اند
اول حکما و ایشان می گویند که واجب الوجود
نه بود که کلی باشد یعنی نشاید که او را کلیت
و عموم عارض باشد زیرا که وجود کلی در
خارج بے تعین صورت نه بندد پس لازم
آید که واجب الوجود مرکب باشد ازان

ممکن ہوگی۔ کیونکہ ممکن وہ ہے جو اپنے
موجود ہونے مین غیر کا محتاج ہو تو جو چیز
وجود کی مغایر ہوگی وہ واجب نہین
ہو سکتی اور دلائل عقلی سے ثابت
ہو چکا کہ واجب موجود ہے لہذا واجب
وجود ہوا۔

سوال۔ اگر کوئی یہ کہے کہ ممکن وہ ہے جو اپنی
موجودیت مین اوس غیر کا محتاج ہو جو اوسکے
موجد ہو نہ اوس کا وجود۔

جواب جو چیز اپنے موجود ہونے مین غیر کی محتاج
ہے وہ غیر سے موجود ہوگی اور جو غیر
سے موجود ہو وہ ممکن ہے۔ چاہے اوسے
وجود کہین یا موجد۔ اور جو لوگ وجود کے واجب
سے متحد ہونے کے قائل ہین وہ دو گروہ ہین
اول حکما یہ لوگ کہتے ہین کہ واجب الوجود کو
کلی نہین ہونا چاہیے یعنی اوس کو کلیت و
عموم عارض نہ ہونا چاہیے کیونکہ وجود کلی
بظاہر بلا تعین کے متصور نہین تو واجب الوجود
کا اوس امر کلی سے مرکب ہونا لازم آئیگا

امر کلی و تعین و ترکب واجب محال است
چنانکه مشهور است بلکه واجب باید که فی حد
ذاته متعین باشد یعنی تعین وے عین
ذاتش باشد چنانکه وجود وے عین
ذات وے است تا تعدد و تکثر و ترکب
در وے صورت نه بندد و حینئذٍ موجودیت
اشیا عبارت ازان باشد که ایشان را با
حضرت وجود تعلقی خاص و نسبتی معین
هست و از آنحضرت بر ایشان پرتویست
نه آنکه وجود مر ایشان را عارض است یا در
ایشان حاصل و برین تقدیر موجود مفهومے
باشد کلی محمول بر امور متکثره و وجود جزئی
حقیقی ممتنع الاشتراک بین الکثیرین۔
سوال اگر کسے گوید که متبادر بذهن از لفظ
وجود مفهومے است مشترک میان چیزهاے
بسیار پس چون جزئی حقیقی باشد۔
جواب۔ گویم سخن در حقیقت وجود است
نه در انچه متبادر می شود از لفظ وجود پس
باید که حقیقت وجود جزئی حقیقی باشد

اور واجب کا مرکب و معین ہونا محال ہے
جیسا کہ مشہور ہے بلکہ واجب کو اپنی ذات
مین متعین ہونا چاہیے یعنی اوس کا تعین
عین ذات ہو جیسے اوس کا وجود عین ذات
ہے تاکہ تعدد و تکثر و ترکب اوس مین
نہ ہو سکے اور اس وقت موجودیت اشیا
سے یہ مراد ہوگی کہ ان کو حضرت وجود سے
ایک خاص تعلق اور نسبت ہے جس
سے ان پر ایک پرتو ہے نہ یہ کہ وجود
ان کو عارض ہے یا انھین حاصل اور
اس صورت مین موجود ایک مفہوم کلی ہوگا
جو امور متکثرہ اور وجود جزئی حقیقی پر
جو بہت سی چیزون مین مشترک نہو محمول ہوگا
سوال اگر کوئی یہ کہے کہ ذہن مین یہ بات
آتی ہے کہ لفظ وجود سے وہ مفہوم مراد ہے
جو بہت سی چیزون مین مشترک ہو تو جزئی حقیقی کیسے ہوگا
جواب۔ مین کہونگا کہ کلام حقیقت وجود مین ہے
نہ اوسمین جو ذہن مین لفظ وجود سی پیدا ہوتی ہے
پس چاہیے کہ حقیقت وجود جزئی حقیقی ہو۔

ومفهوم کلی متبادر از لفظ وجود عرض عام
نسبت بآن حقیقت چون مفهوم واجب
قیاس با حقیقتش فرقۂ دوم صوفیہ
قائلین بوحدت وجود اند می گویند کہ
ورائے طور عقل طورے ست کہ دران
بطریق مکاشفہ ومشاہدہ چیزے چند
منکشف می گردند کہ عقل از ادراک آن
عاجز است چنانکہ حواس از ادراک
معقولات کہ مدرکات عقل اند عاجز اند
ودران طور متحقق شدہ کہ حقیقت وجود کہ
عین واجب الوجود است نہ کلی است نہ
نہ جزئی ونہ خاص ونہ عام بلکہ مطلق ست
از ہمہ قیود تا حدیکہ از قید اطلاق نیز معرا است
بران قیاس کہ ارباب علوم عقلیہ در کلی
طبعی گفتہ اند وآن حقیقت در ہمہ اشیا کہ
موصوف اند بوجود تجلی ظہور کرد است بآن
معنی کہ ہیچ چیز ازان حقیقت خالی نیست
چہ کہ اگر از حقیقت وجود بکلی خالی بودے
اصلا بوجود موصوف نہ گشتے وحقیقت وجود

اور مفہوم کلی لفظ وجود سے متبادر عرض عام
ہے اوس حقیقت کی طرف نسبت کی وجہ سے
جیسے مفہوم واجب اوس کی حقیقت کے قیاس
سے فرقۂ دوم حضرات صوفیۂ قائلین وحدت
وجود ہین وہ کہتے ہین کہ طور عقل کے علاوہ
ایک طور اور ہے جس مین بطور مکاشفہ و
مشاہدہ کچھ چیزین ایسی منکشف ہوتی ہین
جس کے ادراک سے عقل عاجز ہے جس
طرح معقولات عقل کے ادراک سے حواس
عاجز ہین اور اوس طور مین یہ ثابت ہوا کہ
حقیقت وجود عین واجب الوجود ہے نہ کلی
ہے نہ جزئی نہ خاص نہ عام بلکہ تمام قیود
سے مطلق ہے یہان تک کہ قید اطلاق سے
بھی اوس قیاس پر جو ارباب علوم عقلیہ نے
کلی طبعی مین کہا ہے اور اوس حقیقت نے تمام
اشیا مین جو وجود سے موصوف ہین
ایسی تجلی ظہوری کی ہے کہ کوئی چیز اوس حقیقت
سے خالی نہین اگر کوئی چیز حقیقت وجود سے
بالکل خالی ہوتی تو ہرگز وجود سے موصوف نہوتی اور حقیقت وجود

ازحیثیت اطلاق مشارالیه ومحکوم علیه
نمی شود بهیچ حکمی وشناخته نمی گردد بهیچ
وصفی واضافت کرده نمی شود بهیچ نسبتی
ازنسب چون حدوث وقدم وغیرها زیراکه
این همه مقتضی تعین وتقید است وشک
نیست دران که تعین وتقید خواه اخص
تعینات باشد مطلقاً چون تعینات شخصیه
جزئیه خواه اعم واوسع همه تعینات مطلقاً
چون تعین اول وخواه اخص اعم من وجه
چون تعینات متوسطه بینهما پس هیچیک ازین
تعینات حضرت وجود را جل جلاله من حیث
هو لازم نیست بلکه لزوم آن بحسب مراتب
ومقامات مشارالیها است بقوله
رَفِيعُ الدَّرَجَاتِ ذُو الْعَرْشِ پس میگردد
مطلق ومقید وکلی وجزئی وعام وخاص
وواحد وکثیر بے حصول تغیر وتبدل
درذات وحقیقتش وقتی که ملاحظه کرده
شود باعتبار اطلاق وفعل وتاثیر و
وحدت که علو مرتبه الوهیت است

من حیث الاطلاق مشارالیه اورمحکوم علیه
نہین ہوتی اورنہ کسی وصف سے پہچانی جاتی
اورنہ کسی نسبت سے مثل نسبت حدوث
وقدم کے منسوب ومضاف کی جاتی ہے
اس لیے کہ یہ سب مقتضاے تعین وتقید ہے
اوراس مین شک نہین کہ تعین وتقید خواہ
اخص تعینات ہو مطلقا جیسے تعینات شخصیه
جزئیه خواہ اعم تعینات ہو مطلقاً جیسے
تعین اول اورخواہ اخص اعم من وجہ
جیسے تعینات متوسطه توان تعینات مین
سے کوئی بھی حضرت وجود جل جلالہ کو
من حیث الہویت لازم نہین ہے بلکہ اون کا
لزوم موافق مراتب ومقامات مشارالیہا کے
ہے خود فرماتا ہی کہ رَفِيعُ الدَّرَجَاتِ ذُو الْعَرْشِ
پس وہی بغیر تغیر وتبدل ذات وحقیقت
کے مطلق ومقید وکلی وجزئی وعام وخاص و
واحد وکثیر ہوتا ہے جب باعتبار اطلاق
وفعل وتاثیر ووحدت جو اعلےٰ مرتبہ
الوہیت ہے ملاحظہ کیا جاے تو

وهي حَقِيقَةُ الْحَقِّ و مراد است
وجوب ذاتی و قدم و وقتی که ملاحظه
گرده شود باعتبار تقید و انفعال و تاثر
و انسفال و قابلیت وجود از حقیقت
واجب بالفیض والتجلی حقیقت عالم است
و مراد است امکان ذاتی و حدوث
وغیرهما من الصفات و این باعتبار
تنزل است بعالم و تجلی او بصور علمیه که
معبر است باعیان ثابته و چون هر دو
حقیقتین مفترقتین را لازم است از اصلے
که ایشان در روے واحد باشند و او در
ایشان متعدد زیرا که واحد اصل عدد است
و عدد تفصیل واحد ناچار است از حقیقت
ثالثه که جامع باشد بین الاطلاق
والتقید والفعل والانفعال و مطلق باشد
از وجهے و مقید از وجهے و فاعل باعتبارے
و منفعل باعتبارے و این حقیقت احدیت
جمع حقیقتین مذکورتین است وَلَهَا
مَرْتَبَةُ الْاَوَّلِيَّةُ الْكُبْرٰى وَالْاٰخِرِيَّةُ

حقیقت حقہ ہے اور اوسی کے لیے وجوب
ذاتی اور قدم ہے۔ اور جب بہ اعتبار
تقید اور انفعال اور تاثر کے اور حقیقت
واجب سے بہ فیض و تجلی وجود قبول
کرنے کے ملاحظہ کیا جاے تو حقیقت عالم
ہے اور اوسی کے لیے امکان ذاتی اور
حدوث وغیرہ ہین اور یہ عالم معانی کی
طرف تنزل اور صور علمیہ مین (جو معبر باعیان
ثابتہ ہین) تجلی کے اعتبار سے ہے اور
چونکہ ان دونون حقیقتون کے لیے ایک
ایسی اصل ضروری ہے جس مین وہ ایک
ہون اور وہ اوس مین متعدد کیونکہ واحد اصل
عدد ہے اور عدد تفصیل واحد لہذا تیسری
حقیقت کا ہونا ضروری ہے جو اطلاق و
تقید و فعل و انفعال کی جامع اور ایک وجہ
سے مطلق اور دوسری وجہ سے مقید اور ایک
اعتبار سے فاعل اور دوسرے اعتبار سے منفعل ہو
اور یہ حقیقت احدیت ان دونون حقیقتون کی جامع
ہے اور اسی کے لیے مرتبۂ اولیت کبرے و آخریت

العظمیٰ و مراد از پرسنده در قول سایل
که شخصے از حضرت رسالت پرسید ابورزین
عقیلی است بروایت ترمذی و مراد از ابر
مرتبهٔ احدیت است نزد صوفیه یعنی غیر او
به این مرتبه و کیف تعلق آن آگاه نیست
عقول بنی آدم از ادراک قاصر و از اوصاف
کنهش فاتر وجود او با همهٔ اشیا بدین نهج
توان فهمید که وجود مطلق و هستی محض را
بروجهے که باطلاق نیز مقید نه باشد که آن را
غیب الغیب و هویت غیب نیز گویند
اول معنی که لازم است وحدت حقیقی است
چه هر وجود و عدم محض است تغایر و تقابل
و آنچه از لوازم دوئی است اصلا به او
اعتبار نه توان کرد تا حدیکه عدم اعتبار
کثرت نیز در مفهوم معتبر نیست و ازین مقام
گفته اند هُوَ وَاحِدٌ لَا كَالْعَدَدِ این واحد
را باین وجه چند وجه لازم است یکے آنکه
او را مقابلے نیست چه هیچ چیز از و خارج
نیست تا ثانی مقابل او تواند بود دیگر آنکه

عظمیٰ ہے اور سائل کے قول مین کہ ایک شخص
نے رسول اللہ صلعم سے پوچھا تھا وہ پوچھنے
والے ابورزین عقیلی ہین بروایت ترمذی
اور صوفیہ کے نزدیک ابر سے مرتبۂ احدیت
مراد ہے یعنی بجز اُس کے کوئی اس مرتبہ
اور اوسکی کیفیت تعلق سے آگاہ نہین سب
کی عقلین اوسکے ادراک سے قاصر اور اوس کے
اوصاف کُنہ بیان کرنے سے عاجز ہین تمام
اشیا مین اوس کا وجود یون سمجھنا چاہیے کہ وجود
مطلق و ہستی محض کو جو مقید باطلاق بھی نہو
اور جس کو غیب الغیب اور ہویت غیب کہتے ہین
پہلی چیز جو لازم ہے وحدت حقیقی ہے کیونکہ
ہر وجود وعدم محض ہے جس مین تغایر و تقابل
و لوازم دوئی بالکل معتبر نہین حتی کہ عدم اعتبار
کثرت بھی معتبر نہین اور اسی لیے کہا ہے
کہ وہ واحد عددی نہین ہے اور اس واحد کو
اس طرح سے چند وجہین لازم ہین ایک یہ کہ
اوس کے مقابل کوئی چیز نہین کیونکہ کوئی چیز
اوس سے الگ نہین جو اوسکا مقابل ہو دوسرے

مستجمع اضداد و نقایض است بجہت
آنکہ عین ہمہ است والا تغیر را حکمے در و
باشد و باین اعتبار او را ہویت مطلقہ
گویند کہ ھُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ
وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ
شیخ ابو سعید خراز ازین جا فرمود عَرَفْتُ اللّٰهَ
مُجْتَمِعًا بَيْنَ الْاَضْدَادِ دیگر آنکہ طریان
وجوہ تقیدات منافی ظہور احکام اطلاق
او نیست بلکہ تمامی سلطنت اطلاق
وحدت بہ تضاعف قیود و احاطہ بہ ہمہ
اطوار تعلقات و تقیدات و متقابلات است
و این وحدت را وحدت حقیقیہ گویند
کہ بمثابۂ ماہیت لابشرط است و چون
حقیقت ہستی را با عدم تقید و اعتبار
چیزے کہ او را از صرافت وحدت بیرون
برد ملاحظہ کنند چنانکہ جمیع نسب و اضافات
در و منتفی بود مقید باشد بہ وحدت و اطلاق
صرف کہ مسمے است بحضرت احدیت
و تعین اول و تجلی اول و حقیقت محمدی

جامع اضداد و نقایض ہے اس لیے کہ وہ
سب کا عین ہے ورنہ متعین ہوگا اسی لیے
اوس کو ہویت مطلقہ کہتے ہین کہ وہ اول اور
آخر اور ظاہر اور باطن ہے اور وہی ہر چیز کو
جانتا ہے شیخ ابو سعید خراز یہین سے
فرماتے ہین کہ مین نے اللہ کو جامعیت اضداد
کی وجہ سے پہچانا اور دوسرے یہ کہ وجوہ تقیدات
کا غلبہ ظہور احکام اطلاق کے منافی نہین بلکہ
تمامی سلطنت اطلاق وحدت قیود کے
بڑھنے اور تمام اطوار تعلقات و تقیدات و
متقابلات کے احاطہ کرنے سے ہے اور
اس وحدت کو وحدت حقیقیہ کہتے ہین جو
بمنزلۂ ماہیت لابشرط کے ہے اور جب
حقیقت ہستی کو بلا قید و اعتبار اوس چیز کے
جس نے اوس کو صرافت وحدت سے خارج
کیا ہے یون ملاحظہ کرین کہ تمام نسب و
اضافات اوس مین منتفی ہون تو مقید
بہ وحدت و اطلاق صرف ہوگا جو حضرت
احدیت و تعین اول و تجلی اول و حقیقت محمدی

ومقام اَوْ اَدْنیٰ بحسب اعتبارات و
این وحدت را احدیت مطلقہ گویند
بمنزلۂ ماہیت بشرط لا وچون شمول و
احاطۂ حقیقت ہستی مرجمیع شیونات و
مظاہر را واندراج ہمہ درتحت او ملاحظہ
کنند این مرتبہ را حضرت واحدیت
می گویند کہ منشأ کثرت نسب است چنانکہ
نصفیت واحد اثنین را وثلثہ او ثلاثیہ را
وبحسب اعتبارات موسوم است بہ تعین
ثانی ونفس رحمانی وبرزخ جامع وقاب
قوسین واین وحدت را واحدیت و
الوہیت می گویند کہ منشأ اسمار وصفات
الٰہی است وعما عبارت ازین مرتبہ است
چہ عما ابرے تنک است کہ واسطہ میان
آفتاب ونظارہ است وچون واحدیت
منشأ کثرت است اشارتے بہ کیفیت ظہور
کثرات ظاہر می گردد تا تحقق اسماء وصفات
وعوالم معلوم گردد وچون تقاضائے
حقیقت بہستی ظہور تام است وظہور

ومقام اوادنے سے بحسب اعتبارات موسوم
ہے اوراس وحدت کو احدیت مطلقہ کہتے ہین
بمنزلۂ ماہیت بشرط لا کے اورجب بہ شمول اور
احاطۂ حقیقت ہستی تمام شیونات ومظاہر
مین اوراون کا اندراج اوس مین ملاحظہ
کرین گے تو اوس کو حضرت واحدیت کہین گے
جو منشاء کثرت نسبی ہے جس طرح ایک
کی نصفیت دو کو اور تہائی تین کو اور جو
بحسب اعتبارات تعین ثانی ونفس رحمانی
وبرزخ جامع وقاب قوسین سے موسوم
ہے اوراس وحدت کو واحدیت والوہیت
کہتے ہین جو منشأ اسماء وصفات آلٰہی ہے
اوریہی مرتبہ عما ہے کیونکہ عما وہ ہلکا ابر
ہے جو آفتاب ونظارہ مین واسطہ ہے
اورچونکہ واحدیت منشأ کثرت ہے تو ایک
اشارہ کیفیت ظہور کثرات ظاہر کی طرف
کیا جاتا ہے تاکہ ثبوت اسماء وصفات
وعوالم معلوم ہو اورچونکہ حقیقت کا تقاضا
ظہور تام ہونا ہے اورظہور سبب

موجب کثرت وکثرت بے تخالف و
تغایر متصور نہ وظہور صور متکثرہ بر وجہے کہ
ہر صورت کہ در قوت وفعل باشد وانچہ
در خارج متحقق گردد وہرچہ در وہم و
خیال نماید ودر حیطۂ عقل در آید باجمیع
نسب واضافات واعتبارات وتعینات
ازو بیرون نباشد از مقتضیات ذاتی
وجود است واین ظہور کہ غایت آن
معرفت وباز یافت خود است در خود
بصورت ہمہ تنزلات وتعینات ممکنہ از
جہت ضیق مقام بحرکت ذاتی وحبی و
عشق معبر است چنانکہ از فحواے حدیث
کُنْتُ کَنْزاً مفہوم می شود واین صور متکثرہ
را چون فی نفسہا ملاحظہ کنند تساوی
ہستی ونیستی را نسبت با ذوات ایشان
امکان گویند وآن صور متکثرہ را اعیان
ممکنات وچون نفس ہستی را ہستی
ضرور است ضَرُوْرَۃُ ثُبُوْتِ الشَّيْءِ
لِنَفْسِہٖ این ضرورت را وجوب وجود

کثرت ہے اور کثرت بلا تغایر وتخالف
متصور نہین اور صور متکثرہ کا ظہور اس طرح پر
کہ جو صورت قوت وفعل مین ہو یا جو کچھہ
خارج گا ثابت ہو یا وہم وخیال مین آئے
اور عقلاً معلوم ہو سکے مع کل نسب و
اعتبارات واضافات وتعینات کے
اوس سے باہر نہ ہون گے یہ سب وجود کے
مقتضیات ذاتی ہین اور یہ ظہور جس کی
غایت معرفت اور اپنی یافت اپنے ہی
مین بصورت تمام تنزلات وتعینات ممکنہ
کے ہے حرکت ذاتی وحبّی وعشقی سے معبّر
ہے جیسا کہ حدیث کُنْتُ کَنْزاً سے
معلوم ہوتا ہے اور ان صور کثیرہ کو جب
فی نفسہا ملاحظہ کرین گے اور ہستی ونیستی
کے مساوات کو اون کی ذات سے
نسبت دین گے تو امکان کہین گے اور اون
صور متکثرہ کو اعیان ممکنات اور چونکہ
نفس ہستی کو ہستی ضروری ہے بضرورت ثبوت
شئ لنفسہ کے تو اس ضرورت کو وجوب وجود

می گویند و توجه ذات را به ظهور در صور
جمیع ممکنات فی نفسه الوہیت پس روشن
گشت که اول صفتے که از لوازم ظهورات
یعنی ظهور وجود در صور متکثره و ظهور و یافت
این صور در عین ہر یک کما ھی علیھا
الیٰ غیر النھایة مستلزم ظهور وجود ذات
در عین حقیقت خود پس تمام صور متکثره را
به این حیثیت صور کلی گویند و حقایق
کلیه این صور را اعیان ثابته و این
ظهور را ازین جهت که روشن کننده چیزهاست
نور گویند اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
و ازان حیثیت که تحقق ہر چیز به آن ست
به وجود اضافی موسوم شده و چون نسبت
ظهور وجود با نفس این صور متکثره که طرفے
وجود و عدم نسبت با ذوات ایشان
مساویست ملاحظه کنند تمکنے که حقیقت
وجود را از ایجاد و اعدام نسبت با ذوات
ایشان حاصل است اعتبار نمایند
قدرت است و تعلق به امر اعیان و

کہتے ہین اور ذات کے توجہ ظہور کو جو کل ممکنات
کی صورت مین فی نفسہ ہے الوہیت کہتے
ہین تو معلوم ہوا کہ پہلی جو صفت لوازم ظہور
سے ہے یعنی وجود کا ظہور صور متکثرہ مین
اور ان صورتون کا ظہور اور ہر ایک کی
یافت اوس کے عین مین جیسے کہ وہ اپنی
ذات مین ہے یہ عین اپنی ذات مین وجود
کے ظہور کو مستلزم ہے تو تمام صور متکثرہ
کو اس حیثیت سے صُوَر کلّی اور ان صورتون
کے حقایق کلیہ کو اعیان ثابتہ اور اس
ظہور کو بہ حیثیت منوّر اشیا ہونے کے نور
کہتے ہین اللہ آسمانون اور زمینون کا نور ہے
اور اس لحاظ سے کہ اوس سے ہر چیز کا ثبوت
ہے اوسی کو وجود اضافی کہتے ہین اور جب
ظہور وجود کی نسبت کو صور متکثرہ کے ساتھ
جس مین وجود و عدم دونون اون کی ذات
کی نسبت سے ساوی ہین ملاحظہ کرین اور تمکن
جو حقیقت وجود کو موجود و معدوم ہونیکی نسبت اونکی
ذاتون سے حاصل ہی اعتبار کرین تو یہ قدرت ہے اور تعلق بالامر

اکوان را خلق می گویند پس اکنون
بدان کہ خلق بہ او موجود است بر سبیل
خروج شعاع از آفتاب و آن مرتبہ
کہ معبر بہ عما است بر طرف گشت و ہم
در و پنہان شد چون حدت آفتاب
ہنگام زوال مختار است تا ہنگامے کہ
خواست در عما ماند اکنون بے عما است
یَفْعَلُ اللّٰہُ مَا یَشَاءُ وَ یَحْکُمُ مَا یُرِیْدُ

سے اعیان و اکوان کو خلق کہتے ہین تو معلوم
ہوا کہ خلق اوس سے اس طرح موجود ہے
جیسے آفتاب سے شعاع اور وہ مرتبہ
عمائی بر طرف ہو گیا اور اوسی مین چھپ گیا
جیسے حدت آفتاب زوال کے وقت اوس مین
چھپ جاتی ہے مختار ہے جب تک چاہا عما
مین رہا اب بے عما کے ہے - اللہ جو چاہتا
ہے کرتا ہے اور جس چیز کا ارادہ کرتا ہے اوسکا حکم کرتا ہے

٥ جلوہ اش ہر دم بشانے دیگرست
ہر کسے راز و بیانے دیگرست

٥ اوس کی تجلی ہر گھڑی نت نئی ہے
اور ہر شخص اوس کی نت نئی تعریف کرتا ہے

عالم تحت امر اوست نہ من حیث الجہت
بلکہ من حیث الامر این جا جہات راہ
ندارند نسبت حق با عالم نسبت طاق
است با دیوار و ظہور حق در مرآت اعیان
ممکنات است کہ معدوم اند و ہمچنان
بر صرافت عدم باقی چنانچہ آب
باوجود لون ظرف کہ در و ظاہر است
ہمچنان بر بے رنگی خود باقی ست چہ
لونے کہ در وے نماید غیر اوست نہ لون او

عالم نہ من حیث الجہت بلکہ من حیث الامر
اوس کے زیر حکم ہے وہان جہت کی
گنجایش نہین حق کی نسبت عالم سے
ایسی ہے جیسے طاق کی دیوار سے اور ظہور
حق آئینہ اعیان ممکنات مین ہے جو معدوم
اور اپنی صرافت عدمی پر باقی ہین جیسے
پانی کہ باوجود ظرف کے رنگ ظاہر ہونے
کے اپنی بے رنگی ہی پر ہے کیونکہ جو رنگ
اوس مین معلوم ہوتا ہے وہ خود اوسکا نہین ہے

دعالم عبارت است ازان اعیان کہ بواسطہ
فیض تجلی حق نمایشے دارند پس نظام
عالم بہ واسطۂ آن ہستی واین نیستی است
واعیان نظر بہ وحدت ذاتی حق و
واحدیت او مستہلک وفانی اندواین
صفت قہروجلال است کہ مقتضی نفی
ماسوا است ونظر بہ تجلی حق وظہوراودر
مرایائے صفات کہ ایشان موجوداند
باین معنی کہ موجود نمایند واین حیثیت
صفت اکرام است کہ مستدعی ظہورحق آ
دران مرائی ومجالی محقق دوانی گفتہ
کہ محققان گویند کہ شدت ظہور مدرک
مانع ادراک می شود بمثابہ تیرگی کہ ازتحدیق
نظر در قرص آفتاب بہ ابصار رسد و
نماینده ہرچیزے کہ ازغایت ظہورادراک
آن نتوان کرد تا چیزے ستراشعہ
سطوات غلبۂ ظہوراو نہ کند اورانتواندنمود
پس شاید کہ چیزے مظلم ہمچو عدم مطلق
نماینده روشنی کامل چون وجود مطلق شود

اور عالم اونھین اعیان سے مراد ہے جو
بواسطہ فیض تجلی حق ظاہر ہین تو نظام عالم
اوس ہستی اوراس نیستی سے ہے اور وہ اعیان
بہ نظر وحدت ذاتی و واحدیت حق اوسی
مین فانی ہین اور یہی صفت قہروجلال
مقتضی نفی ماسوا ہے اور بہ نظر تجلی حق اور
آئینہ صفات مین اوس کے ظہور کے وہ موجود
ہین اور یہ بحیثیت صفت اکرام ہے جو حق
کے ظہور کا اون آئینون مین طالب ہے
محقق دوانی کہتے ہین کہ محققین کے نزدیک
شدت ظہور مُدرَک مانع ادراک ہوتا ہے
جیسے قرص آفتاب دیکھنے سے نظر مین
تیرگی آجاتی ہے اور ایسی چیز کی جس کا
غایت ظہور سے ادراک نہین ہوسکتا
کوئی چیز نماینده نہین ہوسکتی جب تک
دوسری چیز اوس کے غلبۂ ظہور کی
روکنے والی نہ ہو تو چاہیے کہ کوئی تاریک
شے عدم مطلق کی طرح روشنی
کامل یعنی وجود مطلق کی نماینده ہو

یا روشنی ضعیف یعنی عدم ممکن کہ آن را
عدم اضافی گویند نماینده روشن تر
از خود گردد چون آئینہ نسبت بہ قرص آفتاب
و تقابل میان نموده و نماینده ضروری است
و مقابل ہستی جز نیستی نیست و نماینده تا
بہ نیستی بعضے صفات متصف نہ گردد و
بہ تجلیہ و تصفیہ موصوف نہ شود نمایندگی
ازو نیاید بلکہ بہ حقیقت نمایندۂ ہستی آن
نیستی است چنانکہ نمایندۂ نور کامل تاریکی است
تمثیل آئینہ تا بکلی از لون خالی نہ باشد
لون نہ نماید ازین جہت مجلی و مظہر وجود حق
جز ممکنات کہ معدوم اند فی حد ذاتہا
نہ توانند بود چہ مظہر تا از صفاتے کہ مظہر
آن ست خالی نہ باشد اظہار صفاتِ غیر
ازو نیاید و مظہریت را نشاید چہ ظہور
صفات او مانع ظہور صفات غیر گردد
چنانچہ در مثال آئینہ و آب روشن است
وَ اَیْضًا اَشَارَ الْمُحَقِّقُ الدَّوَّانِیُّ
فِی الرُّبَاعِیَّۃِ ؎

یا یہ کہ ضعیف روشنی یعنی عدم ممکن جس کو عدم
اضافی کہتے ہین وہ اپنی سے زیادہ روشن چیز
کی نمایندہ ہو جیسے آئینہ بہ نسبت قرص آفتاب
کے اور دیکھنے اور دکھانے والی چیز مین تقابلہ
ضروری ہے اور ہستی کا مقابل نیستی کے سوا
کچھ ہے نہین اور دکھانے والا جب تک بعض
صفات کی نیستی اور تجلیہ و تصفیہ سے متصف
نہ ہوگا اوس سے نمایندگی نہین ہو سکتی بلکہ
حقیقتًا نمایندہ ہستی نیستی ہے جیسے نور کامل
کی نمایندہ تاریکی آئینہ جب تک زنگ سے
خالی نہین ہوتا اوس مین رنگ نہین معلوم ہوتا
اس لیے ممکنات کے سوا جو اپنی ذات مین
معدوم ہین کوئی مظہر وجود حق ہو نہین سکتا
کیونکہ مظہر جب تک اون صفات سے جن کا وہ مظہر ہے
خالی نہ ہوگا تب تک صفات غیر اوس سے ظاہر
نہین ہو سکتے اور نہ وہ مظہریت کے لایق ہو سکتا ہے
کیونکہ اوسکے صفات کا ظہور دوسرے کے ظہور صفات
کو مانع ہوگا جیسے آئینہ اور پانی کی مثال سے ظاہر ہے
اور اسی طرف محقق دوانی نے رباعی مین اشارہ کیا ہے ؎

گویم سخنے نہ در خور خاطر پست
مرآت وجود و مظہر او عدم است
چون آئینہ از لون ندارد رنگے
زین روست نمایندۂ ہر لون کہ ہست

کہ مین ایک بات کہتا ہون جو پست
دلون کے لایق نہین کہ وجود کا آئینۂ
مظہر عدم ہے جیسے آئینے مین جب
کوئی رنگ نہ ہوگا تو وہ ہر رنگ دکھا سکیگا

یعنی ماہیات ممکنات کہ آن را باعتبار وجود علمی حق تعالے اعیان ثابتہ می گویند ازلاً وابداً بر عدمیت خود باقی اند و استفادہ وجود بہ معنی اتصاف باو نمی کنند چہ حقیقت وجود پیش صوفیہ وصفی نیست بلکہ ذاتی است قائم بخود چنانچہ گویند کہ زید در خیال موجود است یا در خانہ و این معنی بحسب ظاہر صفت ممکن شود و ممکن را اتصاف آن باشد و آن بہ حقیقت عبارت ست از ارتباط او بہ وجود حقیقی کہ عین ذات حق است و ازین ارتباط تعبیر بہ تجلی می نمایند و این ظہور و کون شئے نیز بحقیقۃ اعیان ثابتہ است

یعنی ماہیات ممکنات جن کو بہ اعتبار وجود علمی حق تعالے اعیان ثابتہ کہتے ہین ہمیشہ سے معدوم ہین اور وجود سے موصوف نہین کیونکہ صوفیہ کے نزدیک حقیقت وجود وصفی نہین ہے بلکہ ذاتی قائم بالذات ہے - مثلاً کہتے ہین کہ زید خیال مین یا گھر مین موجود ہے - اور یہ بظاہر ممکن کی صفت ہے اور ممکن اوس سے موصوف ہوتا ہے اور اس سے درحقیقت وجود حقیقی سے ارتباط مراد ہے جو عین حق ہے - اور اس ارتباط کو تجلی کہتے ہین - اور یہ ظہور وجود شئے بھی اعیان ثابتہ کی حقیقت سے ہے

قَالَ الشَّیْخُ صَدْرُ الدِّیْن الْقُوْنَوِیُّ فِی النُّصُوْصِ اَعْظَمُ الشَّیْئِیَّۃِ

شیخ صدر الدین قونوی نصوص مین فرماتے ہین کہ عظیم شیئیت -

وَالْعَجَبُ التَّعَدُّدَاتُ الْوَاقِعَةُ فِي الْوُجُوْدِ الْوَاحِدِ بِمُوْجِبِ اٰثَارِ الْاَعْيَانِ الثَّابِتَةِ فِيْهِ فَيُتَوَهَّمُ اَنَّ الْاَعْيَانَ ظَهَرَتْ فِي الْوُجُوْدِ وَبِالْوُجُوْدِ وَاِنَّمَا ظَهَرَتْ اٰثَارُهَا فِيْهِ وَلَمْ تَظْهَرْ هِيَ اَبَدًا لِاَنَّهَا لِذَاتِهَا لَا يَقْتَضِي الظُّهُوْرَ وحاصل این سخن آن ست کہ ظاہر بہ حقیقت وجود حقیقی است کہ بہ صفات اعتباریہ بر اعیان ثابتہ منصبغ شدہ ع نامی ست مرا برمن و باقی ہمہ اوست + وَاِلٰى ذٰلِكَ اَشَارَ الشَّيْخُ الْاَكْبَرُ مُحْيُ الدِّيْنِ اِبْنُ الْعَرَبِيِّ حَيْثُ قَالَ اَلْحَقُّ مَحْسُوْسٌ وَالْخَلْقُ مَعْقُوْلٌ درین اعتبار حق آئینہ ممکنات است۔ ازین صاف ظاہر شد کہ ظاہر او وجود غیر نیست این ہمہ اعتبارات اند ہر آئینہ جواب این سوال نغز شد و وجود غیر ثابت نہ شد واین قدر غیریت کہ در عقول ما می آید اعتبا

وعجب وہ تعددات ہین جو وجود واحد مین بموجب آثار اعیان ثابتہ واقع ہین جس سے یہ وہم ہوتا ہے کہ اعیان وجود مین وجود سے ظاہر ہوے حالانکہ اون کے آثار ظاہر ہوے وہ خود کبھی نہین ظاہر ہوسکتے کیونکہ وہ بذاتہا مقتضی ظہور نہین ہین خلاصہ یہ کہ حقیقتًا وجود حقیقی ظاہر ہے جو صفات اعتباریہ اعیان ثابتہ سے متصف ہے **مصرع** مجھ پر صرف اپنے نام کا الزام ہے باقی سب وہی ہے + اسی لیے حضرت شیخ اکبر محی الدینؒ ابن العربی نے فرمایا کہ حق محسوس ہے اور خلق معقول اور اس اعتبار سے حق آئینہ ممکنات ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ بظاہر وجود غیر سے ہی نہین یہ سب اعتبارات ہین اب البتہ اس سوال کا عمدہ جواب ہوا اور وجود غیر ثابت ہی نہین یہ جس قدر غیریت ہماری سمجھ مین آتی ہے یہ محض اعتباری ہے

محض است فافهم فانه دقیق

سوال دوم حق تعالی در صفت خود
فرموده است که الآن کما کان یعنی
الحال چنان است که پیش ازین بود بدان
که پیش ازین بود وبا او ہیچ شے نه بود
چنانچه فرموده است کان الله و
لم یکن معه شیء والحال این اشیا ات
ومعیت خود را با اشیا ثابت کرده که ان الله
بکل شیء محیط و والله مع الصابرین
و والله مع الصادقین و والله
مع المحسنین ازین آیات چنان
معلوم می شود که معیت او با اشیا ہست
وپیش از وجود اشیا حق بود وہیچ شے
با او نه بود چون ہیچ نه باشد معیت علمی و
صفاتی وذاتی ہیچ یکے نه باشد پس
ہیچ شے نه بود با او والحال موجود است و
معیت نیز ثابت پس این که گفته الآن
کما کان یعنی الکنون ہم چنانست که بود
این ضد یک دیگر می شود پس بگو که معنی

پس اس نازک مسئلہ کو سمجھنا چاہیے۔

دوسرا سوال حق تعالے
نے اپنی صفت مین فرمایا ہے کہ اب
بھی ویسا ہی ہے جیسا اس سے پہلے
تھا۔ اور اس سے پہلے تھا
اور اوس کے ساتھ کوئی نہ تھا۔ اور اب
یہ اشیا ہین اور اپنی معیت اشیا سے
ثابت کی ہے کہ اللہ ہر چیز کو محیط ہے
اور اللہ صابرین کے ساتھ ہے۔ اور
اللہ صادقین کے ساتھ ہے۔ اور اللہ
محسنین کے ساتھ ہے ان آیتون سے
یہ معلوم ہوتا ہے کہ اوس کی معیت
اشیا سے ہے اور وجود اشیا سے
پہلے حق تھا اور کچھ نہ تھا اور جب
کچھ نہ تھا تو معیت علمی و صفاتی و
ذاتی بھی نہ تھی اور اب موجود ہے
اور معیت بھی ثابت تو یہ جو فرمایا کہ اب
بھی ویسا ہی ہے جیسا تھا یہ ایک دوسرے
کے ضد پڑتے ہین پھر اس کے کیا معنے ہین

این چیست وچگونه توان فهمید
اقول مثال ظهور کائنات از حق سبحانه
تعالی وَلَهُ الْمَثَلُ الْاَعْلٰی مِنْ کُلِّ
مَا یُفْهَمُ وَ یُدْرٰی ظهور صور در آئینه
است آئینه ذاتے ست که جرم معین و
صفات خارجیه لازمیه از قدر و شکل و
رنگ و شفافی و نشیب و فراز در سطح و
مانند آن دارد و صفاتے عارضیه مانند
برگشتن روے از غرب به شرق و از زمین
به فلک پس تغیر دو قسم صفات مستلزم
تغیر در عین آئینه است که این همه در ظرف
حصول جوهر آئینه حاصل آمدند- واما
صورت آئینه در آن ظرف حاصل
نیست نه بظهور حقانی آنها در ذات و
صفات آئینه تغیرے می افتد اگرچه
هزاران هزار صورت نیک و بد و پاک
و ناپاک در روے نمودار گردند و ممکنات
در حد خود موجود نیستند هستی اینها بعینه
در عرض همان هستی است که عارض قطن

اور کیونکر اسے سمجھنا چاہیے-
مین کہتا ہون کہ خلق کے ظہور کی مثال
حق تعالے سے جس کی مثل ہر مفہوم ومعلوم
سے اعلےٰ ہے آئینے مین صورتون کا ظہور
ہے آئینہ وہ ذات ہے جو جرم معین و صفات
خارجیہ لازمیہ مقدار و شکل و رنگ و
شفافی و نشیب و فراز سطحی وغیرہ نیز
صفات خارجیہ عارضیہ بھی رکھتا ہے جیسے
مونہہ کا مشرق سے مغرب یا زمین سے
آسمان کی طرف پھرتا تو ان ہر دو قسم
صفات مین تغیر ذات آئینہ مین تغیر کو
مستلزم ہے کہ یہ سب صفات ظرف
جوہر آئینہ مین حاصل ہوے لیکن صورت
آئینہ اوس ظرف مین حاصل نہین ہے نہ
اون کے ظہور سے ذات وصفات آئینہ مین
کوئی تغیر ہوتا ہے اگرچہ ہزارون اچھی و بری و
پاک و ناپاک صورتین اوسمین ظاہر ہون اور ممکنات
اپنی ذات مین موجود نہین ہین انکی ہستی بعینہ اوس
ہستی کے عروض مین ہے جو روئی کو اوس کے

می شود بعد از دوختن که او را جامه
می گوئی اگر تابع قطن او را ملاحظه کنی
موجود باشد و اگر مباین آن قطن اعتبار
کنی نه باشد پس برین قیاس کن
حقایق موجودات را که در وجود قائم
بذات حق اند و تابع و ناعت او چه
اگر بروجه تابعیت منظور داری موجود
است و اگر بذات خود قیام او را ملاحظه
کنی نیست محض است ازین بودن ذات
واجب الآن کما کان روشن تر است
که اجتماع صفات کمالیه واجبی و تعین
وغیرها ہمچنان که بیشتر آفرینش بود
اکنون نه زیادتے ازین مخلوقات پیدا
شد و نه نقصانے چنانکه در پرتو آفتاب
که بر شیشه ہاے ملوّن تابد ہر جا رنگے
نماید و در نفس الامر از لون مبرّا است و
بر قاذورات افتد ہیچ نقص در وی پیدا
نے ہمچنین جمیع صور مظاہر نور حق اند
خواه کامل خواه ناقص ــ

سِلنے کے بعد عارض ہوتی ہے جس کو کپڑا
کہتے ہین اگر روئی کے تابع دیکھا جائے تو
موجود ہوگا اور اگر روئی سے علحدہ اعتبار
کیا جائے تو نہ ہوگا اسی پر حقایق موجودات
کو قیاس کرو جو وجود مین قائم بذاتِ
حق اور اوسی کے تابع ہین کیونکہ اگر بروجہ
تابعیت دیکھا جائے موجود ہے اور اگر بذات
خود اوس کا قیام دیکھا جائے تو نیست
محض ہے اسی سے ذات واجب الوجود کا
الآنَ کَمَا کَانَ ہونا ظاہر ہے کیونکہ صفات
کمال واجبی و تعین وغیرہ کا اجتماع
جس طرح قبل آفرینش تھا اب بھی
ہے مخلوقات سے نہ کوئی زیادتی ہوئی نہ
کمی جس طرح کہ آفتاب کا عکس کہ رنگین
شیشون پر پڑتا ہے اور ہر جگہ ایک نیا
رنگ ظاہر ہوتا ہے حالانکہ وہ رنگ سے
مبرا ہے اور گھورے پر بھی پڑتا ہے جس سے
اوس مین کوئی نقصان نہین ہوتا اسی طرح تمام
صورتین مظاہر نور حق ہین خواہ کامل ہون یا ناقص

در عشق خانقاه و خرابات فرق نیست
ہر جا کہ ہست پرتو روے حبیب ہست

و در معنی معیت میان علماے ظاہر و حضرات صوفیہ اکابر اختلاف ست فرقۂ اول قائل اند بہ معیت علمی و می گویند کہ خدا بہ علم با شما است نہ معیت ذاتی چہ اگر ذاتی باشد تلوث ذات بقاذورات و دیگر محذورات لازم آید و فرقۂ ثانی قائل اند بہ معیت ذاتی و می گویند کہ ہیچ چیز از حق جدا نیست و ہیچ ذرہ بے نور خدا نیست

در ذات و صفات ہر کرا باشد سیر
ہرگز نہ بود در نظرش صورت غیر
در مشرب او یکے شود بادہ و آب
در مذہب او یکے بود مسجد و دیر

تعین را کہ بظاہر امرے مباین بینی اعتباری ست و ظہور وے بہ واسطۂ نورے است کہ در مراتب ساری ست و بہ توجیہ علماے ظاہر قدح می فرمایند

عشق مین خانقاہ و خرابات کا فرق نہین ہر جگہ معشوق ہی کے روئے زیبا کا جلوہ ہے + اور معیت کے معنے مین علمائے ظاہر و حضرات صوفیہ مین اختلاف ہے فرقۂ اول معیت علمی کا قائل ہے وہ کہتا ہے کہ ہمارے ساتھ خدا کی معیت علمی ہے نہ ذاتی اگر ذاتی ہو تو ذات کا تلوث نجاسات سے لازم آئے اور دوسرا فرقہ معیت ذاتی کا قائل ہے وہ یہ کہتا ہے کہ کوئی چیز حق سے علحدہ نہین اور نہ کوئی ذرہ بے نور خدا ہے

ذات و صفات مین جس کی سیر ہوگی
اوس کی نظر مین ہرگز غیریت نہ رہیگی
اوس کے مشرب مین شراب و پانی
اور مذہب مین مسجد و بتکدہ ایک ہوگا

تعین جو بظاہر ایک علحدہ چیز معلوم ہوتی ہے اعتباری ہے جس کا ظہور اوس نور سے ہے جو مراتب مین ساری ہے اور علمائے ظاہر کی توجیہ کو قدح فرماتے ہین

که اگر معیت علمی است باید که ذات واجبی
دران مرتبه به جهتی معین جاے گزیند
واین منافی عقاید شما است چنانکه
در کتب عقاید است که واجب تعالے
بے جهتی به همه جهت موجود است و تلوث
به قاذورات هرگز نمی تواند شد در پرتو
آفتاب واضح تر شد پس بدین تقریر
اشیا پیوسته بودند در مرتبهٔ اجمال و
اکنون گشتند در مرتبهٔ تفصیل کَمَا مَرَّ
مِرَارًا چون شجره در نوات پس در مرتبهٔ
اجمال معیت همگی که سائل پرسیده است
موجود والحال در مرتبهٔ تفصیل هم
با همه موجود و حاشا ازین علم واجب به
کلیات وجهل او تعالی شانه از جزئیات
تصور نه کنی چنانچه حکما گفته اند
حالانکه این قول مشهور است۔ محقق
طوسی در شرح اشارات گوید
اَلْعَاقِلُ کَمَا لَا یَحْتَاجُ فِیْ اِدْرَاکِ
ذَاتِہٖ بِذَاتِہٖ اِلٰی صُوْرَۃٍ غَیْرِ صُوْرَۃِ ذَاتِہٖ

کہ اگر معیت علمی ہے تو چاہیے کہ ذات واجب
کسی خاص جہت مین ہو اور یہ عقائد کے
خلاف ہے کتب عقائد مین ہے کہ واجب
تعالے بے جہت ہر جہت مین موجود ہے
اور نجاسات سے آلودہ نہین ہوسکتا عکس
آفتاب کی مثال سے واضح ہو چکا اس
تقریر سے معلوم ہوا کہ اشیا ہمیشہ سے مرتبہ
اجمال مین تھین اب مرتبہ تفصیل مین آئین
چنانچہ کئی مرتبہ بیان ہو چکا جیسے درخت
گٹھلی مین تو سائل نے جو معیت پوچھی وہ
مرتبہ اجمال مین بھی موجود تھی اور اب مرتبہ
تفصیل مین بھی سب کے ساتھ موجود ہے
اور ہرگز اس سے حکما کی طرح واجب
تعالے کے عالم بالکلیات وجاہل
بالجزئیات ہونے کا خیال نہ کیا جائے
محقق طوسی شرح اشارات مین کہتے
ہین کہ عاقل جس طرح اپنی ادراک
ذات مین بذاتہ اوس صورت کا محتاج
نہین جو اوس کی غیر ہے اسی طرح

الَّتِي بِهَا هُوَ هُوَ فَلَا يَحْتَاجُ أَيْضًا
فِي إِدْرَاكِ مَا يَصْدُرُ عَنْ ذَاتِهِ
لِذَاتِهِ إِلَى صُورَةٍ غَيْرِ صُورَةِ
ذٰلِكَ الصَّادِرِ الَّتِي بِهَا هُوَ هُوَ
وَاعْتَبِرْ مِنْ نَفْسِكَ أَنَّكَ تَعْقِلُ
شَيْئًا بِصُورَةٍ تَتَصَوَّرُهَا أَوْ تَسْتَحْضِرُهَا
فَهِيَ صَادِرَةٌ عَنْكَ لَا بِانْفِرَادِكَ
مُطْلَقًا بَلْ بِمُشَارَكَةٍ مَا مِنْ غَيْرِكَ
وَمَعَ ذٰلِكَ فَأَنْتَ لَا تَعْقِلُ تِلْكَ
الصُّورَةَ بِغَيْرِهَا بَلْ كَمَا يُعْقَلُ
ذٰلِكَ الشَّيْءُ بِهَا كَذٰلِكَ تَعْقِلُهَا
أَيْضًا بِنَفْسِهَا مِنْ غَيْرِ أَنْ
يَتَضَاعَفَ الصُّوَرُ فِيكَ بَلْ رُبَّمَا
يَتَضَاعَفُ اعْتِبَارَاتُكَ الْمُتَعَلِّقَةُ
بِذَاتِكَ وَبِتِلْكَ الصُّورَةِ فَقَطْ
عَلَى سَبِيلِ التَّرْكِيبِ وَإِذَا كَانَ
حَالُكَ مَعَ مَا يَصْدُرُ عَنْكَ
بِمُشَارَكَةِ غَيْرِكَ هٰذَا الْحَالَ
فَمَا ظَنُّكَ بِحَالِ الْعَاقِلِ مَعَ مَا

اوس چیز کے ادراک مین جو اوسی سے
اوس کے لیے صادر ہو صورت غیر کا
محتاج نہین ہے اور اپنے اوپر قیاس
کرو کہ جب تم کسی چیز کا تعقل بصورت
خواہ استحضار کرتے ہو تو وہ تم سے صادر
ہوتی ہے مگر نہ صرف تم سے بلکہ بوجہ کسی
شرکت کے جو تمھین غیر سے ہے اور پھر
بھی تم اس صورت کو اوس کے بغیر نہین
تعقل کرتے ہو بلکہ جس طرح اس شئے کا
تعقل اوس سے کیا جاتا ہے اوسی طرح
اوس کا تعقل بھی اوس کی ذات سے
کرتے ہو بغیر اس کے کہ تم مین کسی صورت
کا اضافہ ہو بلکہ اکثر صرف تمھارے
اعتبارات جو تمھاری ذات سے
اور اس صورت سے متعلق ہین بر
سبیل ترکیب زیادہ ہو جاتے ہین
اور جب تمھارا حال اوس کے ساتھ
جو تم سے بہ شرکت غیر صادر ہوتی ہے
یہ ہے تو تم عاقل کے حال کو اوس کے ساتھ

يَصْدُرُ عَنْهُ لِذَاتِهِ مِنْ غَيْرِ
مُدَاخَلَةِ غَيْرِهِ فِيْهِ وَلَا تَظُنَّنَّ
اَنَّ كَوْنَكَ مَحَلًّا لِتِلْكَ الصُّوْرَةِ
شَرْطٌ فِيْ تَعَقُّلِكَ اِيَّاهَا فَاِنَّكَ
تَعْقِلُ ذَاتَكَ مَعَ اَنَّكَ لَسْتَ
بِمَحَلٍّ لَهَا بَلْ اِنَّمَا كَانَ كَوْنُكَ
مَحَلًّا لِتِلْكَ الصُّوْرَةِ شَرْطًا
فِيْ حُصُوْلِ تِلْكَ الصُّوْرَةِ
لَكَ الَّذِيْ هُوَ شَرْطٌ فِيْ تَعَقُّلِكَ
اِيَّاهَا فَاِنْ حَصَلَ تِلْكَ الصُّوْرَةُ
لَكَ بِوَجْهٍ اٰخَرَ غَيْرِ الْحُلُوْلِ
فِيْكَ حَصَلَ التَّعَقُّلُ مِنْ غَيْرِ
حُلُوْلٍ فِيْكَ وَمَعْلُوْمٌ اَنَّ
حُصُوْلَ الشَّيْءِ لِفَاعِلِهِ فِيْ كَوْنِهِ
حُصُوْلًا لِغَيْرِهِ لَيْسَ دُوْنَ
حُصُوْلِ الشَّيْءِ لِقَابِلِهِ فَاِذَنْ
الْمَعْلُوْلَاتُ الذَّاتِيَّةُ الْعَاقِلِ
الْفَاعِلِ لِذَاتِهِ حَاصِلَةٌ لَهٗ مِنْ
غَيْرِ اَنْ تَحُلَّ فِيْهِ فَهُوَ عَاقِلٌ

جو اوس سے اوس کے لیے بلا مداخلت
غیر صادر ہوتی ہے کیا سمجھتے ہو اور
یہ نہ سمجھو کہ تمھارا اس صورت کے لیے
محل ہونا اوس کے تعقل مین شرط
ہے کیونکہ تم باوجود اوس کے محل نہ
ہونے کے بھی اپنی ذات کا تعقل
کرتے ہو بلکہ تمھارا اس صورت کا محل
ہونا اس صورت کے حاصل ہونے
مین ویسی شرط ہے جیسی اوس کے
تعقل حاصل ہونے مین شرط ہے
پس اگر یہ صورت تم کو کسی اور وجہ
سے بلا حلول کے حاصل ہو تو تعقل
بھی بلا حلول کے تمھین حاصل ہوگا
اور یہ معلوم ہے کہ شے کا اپنے فاعل
کے لیے حصول اوس کے حصول لغیرہ
مین مثل حصول الشئ لقابلہ نہین
ہے پس اس وقت معلومات ذاتیہ
عاقل فاعل لذاتہ اوس کو بغیر حلول
ہوے حاصل ہونگے کیونکہ اوسنے اوس کا تعقل

إِيَّاهَا مِنْ غَيْرِ أَنْ يَكُونَ هِيَ
حَالَّةً فِيهِ وَإِذَا تَقَدَّمَ هٰذَا
فَأَقُولُ قَدْ عَلِمْتَ أَنَّ الْأَوَّلَ
اَلْعَاقِلُ لِذَاتِهِ مِنْ غَيْرِ تَغَايُرٍ
بَيْنَ ذَاتِهِ وَبَيْنَ عَقْلِهِ
لِذَاتِهِ فِي الْوُجُودِ إِلَّا فِي
اِعْتِبَارِ الْمُعْتَبِرِينَ عَلَىٰ مَا مَرَّ
وَحَكَمْتَ بِأَنَّ عَقْلَهُ لِذَاتِهِ
عِلَّةٌ لِعَقْلِهِ لِلْمَعْلُولِ الْأَوَّلِ
فَإِذَا حَكَمْتَ بِكَوْنِ الْعِلَّتَيْنِ
أَعْنِي ذَاتَهُ وَعَقْلَهُ لِذَاتِهِ
شَيْئًا وَاحِدًا فِي الْوُجُودِ
فَاحْكُمْ بِكَوْنِ الْمَعْلُولَيْنِ أَيْضًا
أَعْنِي الْمَعْلُولَ الْأَوَّلَ وَعَقْلَ
الْأَوَّلِ إِيَّاهُ شَيْئًا وَاحِدًا
فِي الْوُجُودِ مِنْ غَيْرِ تَغَايُرٍ
يَقْتَضِي كَوْنَ أَحَدِهِمَا مُبَايِنًا
لِلْأَوَّلِ وَالثَّانِي مُتَقَرِّرًا
فِيهِ وَكَمَا حَكَمْتَ بِكَوْنِ التَّغَايُرِ

بغیر اوس کے حال ہونے کے کیا ہے
اور جب یہ ہو چکا تو اب مین کہتا ہون
کہ یہ تو تم جان چکے کہ اول عاقل لذاتہ
ہے بلا اس کے کہ اوس کی ذات اور
اوس کی عقل لذاتہ مین تغایر
فی الوجود ہو بجز اعتبار معتبر کے جیسا
کہ گذرا اور اس کا بھی تم حکم کر چکے کہ
اُس کی عقل لذاتہ علت ہے عقل
معلول اوّل کی تو جب تم نے دو
علتون یعنی اوس کی ذات اور
اوس کی عقل لذاتہ کے ایک ہونے
کا وجود مین حکم کیا تو دونون معلولون
یعنی معلول اول و عقل اوّل کے بھی ایک
چیز ہونے کا وجود مین حکم کرو بلا کسی
ایسے تغایر کے جو اون کے ایک کے اول
سے مباین ہونے اور دوسرے کے
اوس مین متقرر ہونے کا مقتضی ہو اور
جس طرح تم نے علتون مین تغایر
کے اعتباری محض ہونے کا حکم کیا

فِي الْعِلَّتَيْنِ اِعْتِبَارِيًّا مَحْضًا
فَاحْكُمْ بِكَوْنِهِ فِي الْمَعْلُوْلَيْنِ
اَيْضًا كَذٰلِكَ فَاِذَنْ وُجُوْدُ
الْمَعْلُوْلِ الْاَوَّلِ هُوَ نَفْسُ
تَعَقُّلِ الْاَوَّلِ اِيَّاهُ مِنْ غَيْرِ
اِحْتِيَاجٍ اِلٰى صُوْرَةٍ مُسْتَانِفَةٍ
تَحُلُّ فِي ذَاتِ الْاَوَّلِ تَعَالٰى
عَنْ ذٰلِكَ ثُمَّ لَمَّا كَانَتِ الْجَوَاهِرُ
الْعَقْلِيَّةُ يُعْقَلُ مَا لَيْسَ بِمَعْلُوْلَاتٍ
لَهَا بِحُصُوْلِ صُوَرٍ فِيْهَا وَهِيَ
تَعَقُّلُ الْاَوَّلِ الْوَاجِبِ وَلَا
مَوْجُوْدَ اِلَّا وَهُوَ مَعْلُوْلٌ
لِلْاَوَّلِ الْوَاجِبِ كَانَتْ صُوَرُ
جَمِيْعِ الْمَوْجُوْدَاتِ الْكُلِّيَّةِ
وَالْجُزْئِيَّةِ عَلٰى مَا عَلَيْهِ الْوُجُوْدُ
حَاصِلَةً فِيْهَا وَالْاَوَّلُ الْوَاجِبُ
يَعْقِلُ تِلْكَ الْجَوَاهِرَ مَعَ تِلْكَ
الصُّوَرِ لَا بِصُوَرٍ غَيْرِهَا بَلْ
بِاعْتِبَارِ اَعْيَانِ تِلْكَ الْجَوَاهِرِ

اوسی طرح دونون معلولون مین بھی
حکم کرو تو اس وقت وجود معلول
اول اوس کے لیے نفس تعقل اوّل
ہوگا بلا احتیاج کسی نئی صورت کے
جو ذات اول مین حال ہو وہ اس
سے برتر ہے پھر جب جواھر عقلیہ
ایسے ہوے جو اون چیزون کا
تعقل کرتے ہین جو اون کے
معلولات نہین ہین بوجہ اون کے
حصول صور کے اور یہ تعقل اوّل
واجب ہے اور کوئی موجود نہین
مگر وہ معلول اول واجب ہے تو
تمام موجودات کلیہ وجزئیہ
کی صورتین بر ترتیب وجود اوس مین
حاصل ہوتی ہین اور اول واجب
ان جواھر کا مع اون صورتون کے
جن کو کوئی اور نہین تصور کر سکتا
ہے تعقل کرتا ہے بلکہ باعتبار ان
جواھر وصور کے اعیان کے

وَالصُّوَرِ وَكَذٰلِكَ الْوُجُوْدُ عَلٰى مَا هُوَ عَلَيْهِ فَاِذَنْ لَا يَعْزُبُ عَنْهُ وَعَنْ عِلْمِهٖ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ نِّهٖى
پس رفع شد اجتماع النقیضین و درست شد معنی این قول اَلْاٰنَ كَمَا كَانَ فرق این قدر بہ نظر عقل مستفاد می شود کہ این ثابت مطلق محض بود اکنون مقید شد و این اعتبار محض است ما بہ نظر تخلف ازان علت خود جدا ئیم کہ مقید ساختن ما امرے معتبر خواہد بود او بہ نظر یکتائی و صورت نمائی چنانکہ پیشتر بود ہم باز ماند پس چنان کہ زین پیش قادر و خدا بود اکنون ہم است فافہم و باللہ التوفیق و معنے بدین گونہ توان فہمید کہ این قید اعتبارات ماست تا ما نمائیم چنانچہ اکنون مائیم و اوست و آن علم حق عین ذات ست یا غیر ذات صفات و علم منجملہ اوصاف الٓہیہ است و صفات

اور اسی طرح وجود کو بھی جیسا کہ وہ اوس پر ہے پس اب ایک ذرہ بھی اوس سے اور اوس کے علم سے باہر نہ ہوا پس اجتماع النقیضین جاتا رہا اور اَلْاٰنَ كَمَا كَانَ کے معنے ٹھیک ہو گئے اس قدر فرق البتہ عقلاً معلوم ہوتا ہے کہ یہ ثابت مطلق محض تھا اب مقید ہوا اور یہ محض اعتبار ہے بہ نظر تخلف اوس علت سے ہم خود جدا ہین کہ ہمارا ہی مقید کرنا معتبر ہوگا وہ بہ نظر یکتائی و صورت نمائی جس طرح پہلے تھا اب بھی ہے تو جیسے اس سے پہلے قادر و خدا تھا ویسے اب بھی ہے جس کے معنے یون سمجھنا چاہیے کہ یہ ہمارے اعتبارات کی قید ہے کہ ہم ہم نظر آتے ہین جس طرح کہ اب ہم ہین حالانکہ وہ ہے اور وہ علم حق عین ذات ہے یا غیر ذات و صفات اور علم منجملہ اوصاف الٓہی ہی اور صفات

پیش عامۂ متکلمین نہ عین ذات اند
و نہ غیر بلکہ من وجہٍ عین اند و من وجہٍ
غیر و عین ذات ست باتفاق صوفیہ
و حکما و محققین متکلمین و مراد ایشان نہ
آن است کہ مفہوم صفت و ذات
یکے ست بلکہ مقصود آنست کہ ذات و
صفات در نفس الامر یک عین اند یعنی
مترتب می شود بر مجرد ذات حق انچہ
مترتب می شود بر ذات ممکن با صفات
مثلاً ذات تو کافی نیست در انکشاف
اشیا بر تو تا صفت علم کہ مبدأ انکشاف
است بہ تو قایم نہ باشد انکشاف
حاصل نہ شود بخلاف ذات خدا کہ
او در انکشاف اشیا محتاج نیست بہ صفتی
کہ قائم باشد بہ او بلکہ ذات او مبدأ
انکشاف است و باین اعتبار عین
علم است پس ذات و صفات
متحد اند در حقیقت و متغایر اند در مفہوم
و توہم نہ کنی کہ برین تقدیر نتوان گفت

عام متکلمین کے نزدیک نہ عین ذات
ہین نہ غیر بلکہ من وجہٍ عین اور من وجہٍ
غیر ہین اور بہ اتفاق صوفیہ و حکما
و محققین متکلمین عین ذات ہین اون کا
مطلب یہ نہین ہے کہ ذات و صفت کا
مفہوم ایک ہے بلکہ یہ مقصود ہے کہ نفس الامر
مین ذات و صفات ایک عین ہین یعنی
صرف ذات حق پر وہ چیزین مترتب
ہوتی ہین جو ممکن کی ذات پر صفات
سے مترتب ہوتی ہین مثلاً تمھاری
ذات انکشاف اشیا مین تمھارے لیے
کافی نہین جب تک صفت علم جو مبدأ
انکشاف ہے تم مین قائم نہ ہو انکشاف
حاصل نہ ہوگا بخلاف حضرت حق کے جو
انکشاف اشیا مین کسی صفت قائم بالذات
کا محتاج نہین بلکہ اوس کی ذات ہی
مبدأ انکشاف ہے اور اس اعتبار سے عین علم ہے
تو ذات و صفات حقیقتاً متحد اور مفہوماً متغایر ہین
یہ وہم نہ کرنا چاہیے کہ اس صورت مین یہ نہین کہہ سکتے

که خدا عالم است چه مراد از عالم
ذاتے است که اشیا برو منکشف باشد
خواه مبدأ انکشاف ذات باشد یا صفتے
زاید بر ذات و برین مسلک چنانچه
می توان گفت که صفات خدا عین
ذات است نیز می توان گفت که غیر
ذات به اعتبار مفهوم است و می توان
گفت که نه عین ذات است و نه غیر
ذات و اگر ذات محل اُمور متکثره باشد
محذور نیست چه اشیا عین حق اند باعتبار
وجود و حقیقت و غیر اند باعتبار تقید
و تعین پس در حقیقت حال و محل
نیست بلکه یک چیز بصورت حالیه و
محلیه ظهور کرده و نفس الامر که محل حیرت
علما و حکما است عبارت ازین علم
محیط است و آنچه خواجه نصیر الدین
طوسی گفته که نفس الامر صور علمیه
عقل اول است آن هم راست است
چه صوَر علمیه او صوَر علمیه حق است

که خدا عالم ہے کیونکہ عالم سے مراد وہ ذات
ہے جس پر اشیا منکشف ہون خواہ مبدأ
انکشاف ذات ہو یا کوئی صفت زائد بر
ذات اور اس مسلک پر یہ کہہ سکتے ہین
کہ صفات حق عین ذات ہین ۔ اور یہ بھی
کہہ سکتے ہین کہ باعتبار مفہوم غیر ذات
ہین اور یہ بھی کہہ سکتے ہین کہ نہ عین ذات
ہین نہ غیر ذات اور اگر ذات محل امور
کثیرہ ہو تو دشوار نہین کیونکہ اشیا
باعتبار وجود و حقیقت عین حق ہین
اور باعتبار تقید و تعین غیر ہیں
در حقیقت حال و محل نہین ہے بلکہ
ایک ہی چیز نے بصورت حالیہ و محلیہ
ظہور کیا ہے اور نفس الامر جو علما اور
حکما کا محل حیرت ہے وہ یہی علم محیط
ہے اور یہ جو خواجہ نصیر الدین
طوسی نے کہا کہ نفس الامر صور علمیہ
عقل اول ہے یہ بھی ٹھیک ہے کیونکہ
اوس کے صوَر علمیہ صوَر علمیہ حق ہین

وماهیات وحقایق صور کلیه اشیاراست
درعلم حق واگرگوئی عین اسمار
واشیاراست هم راست باشد وشیخ
ابوعلی نیز برآن است که علم حق
به عالم حصولی است وشیخ شهاب الدین
مقتول درحکمة الاشراق تصریح
کرده که حضوری ست ودرتلویحات
می گوید که ارسطورا بخواب دیدم واز
حقیقت علم پرسیدم گفت اَلتَّعَقُّلُ
حُضُوْرُ الشَّیْ ءِ لِلذَّاتِ الْمُجَرَّدَۃِ
عَنِ الْمَادَّۃِ واین مشکل است در
عدم معدومات وبعضے دفع اشکال
به آن کرده اند که معدومات درعقول
عالیه مرتسم اند وعقول عالیه نزد
حق حاضر بالجمله عینیت صفات
بدان اعتبار است که به اعتبار ذات
متجلی شده اند چنانکه درکیفیت ظهور
وجود درمظاهر مبین شد واما بعضے
ازمتکلمان به واسطۂ اختلاف در

اور ماہیات وحقایق صور کلیہ
اشیار ہین علم حق مین اور اگر یہ کہو کہ
عین اسمار واشیار ہے تو بھی ٹھیک
ہے۔ شیخ ابوعلی کے نزدیک بھی یہی ہے
کہ حق کو عالم کا علم حصولی ہے اور شیخ
شہاب الدین مقتول نے حکمۃ الاشراق
مین تصریح کی ہے کہ حضوری ہے اور
تلویحات مین کہتے ہین کہ مین نے ارسطو کو
خواب مین دیکھا اور اون سے حقیقت
علم پوچھی تو کہا کہ وہ حضور شے کا تعقل
ہے اوس ذات کے لیے جو مادہ سے مجرد
ہے اور یہ عدم معدومات مین مشکل ہے
اور بعضون نے اعتراض یون دفع کیا ہے
کہ معدومات عقول عالیہ مین منقوش
ہین اور عقول عالیہ حضرت حق کے نزدیک
حاضر بالجملہ عینیت صفات اس اعتبار سے
ہے کہ وہ بہ اعتبار ذات متجلی ہوئے ہین
جیسا کہ کیفیت ظہور وجود درمظاہر مین بیان
ہوا لیکن بعض متکلمین بوجہ اختلاف مفہوم

مفهوم گفته اند که صفات غیر ذات است
و شیخ ابو الحسن اشعری نظر بآن که
در نفس الامر هر یک حقیقت که به اعتبار
غیر متصف به صفات می شود یا نظر
به ذات مفهوم فرموده که صفات
نه عین ذات ست و نه غیر بلکه
از وجهے عین است واز وجهے غیر
و چون حقیقت اسم معلوم شد که
ذات است به اعتبار اتصاف به صفات
ازین رو گفته اند که اسم عین ذات
است واگر مراد از اسم الفاظ باشد
غیر بظاهر است اگرچه به اعتبار احدیت
ذاتی و شمول غیریت نمی ماند نیز سے
تحقیق نمایش وجود حقیقی و بیان
تقابل انسان و ظهور عکس وجود دران
و کیفیت ادراک آن و ماهیت مدرک
این که اعیان ثابته در علم حق
من الازل الی الابد ثابت اند و نور
وجود از ان اعیان که بمثابه مرایاے

کہتے ہین کہ صفات غیر ذات ہین اور شیخ
ابو الحسن اشعری نے اس لحاظ سے کہ
نفس الامر مین ہر حقیقت باعتبار غیر
متصف بہ صفات ہوتی ہے یا بلحاظ
بذات مفہوم کرکے فرمایا کہ صفات
نہ عین ذات ہین نہ غیر بلکہ من وجہ عین
ہین اور من وجہ غیر اور جب حقیقت
اسم معلوم ہوئی کہ ذات ہے باعتبار
اتصاف بہ صفات اس لیے کہا ہے کہ
اسم عین ذات ہے اور اگر اسم سے
مراد الفاظ ہون تو بظاہر غیر ہے اگرچہ
باعتبار احدیت ذاتی اور شمول کے
غیریت نہین رہتی ہے اب تھوڑی سی
وجود حقیقی کے ظہور کی تحقیق اور انسان کے
مقابل ہونے اور اس مین وجود کا عکس ظاہر
ہونے کا بیان اور اوس کے ادراک کی کیفیت
اور مدرک کی ماہیت بیان کیجاتی ہے اعیان
ثابتہ علم حق مین ازل سے ابد تک ثابت ہین
اور نور وجود اُن اعیان سے جو بمنزلہ آئینہ ہاے

وجود اند بحسب قابلیات وجود مختلفہ
ظاہر می شود مثلاً ہر صورتے کہ در آئینہ
می نماید آئینہ متصف بہ او نمی شود و
نہ حکم کردہ می شود بہ آن کہ آن صورت
آئینہ یا در آئینہ است ہمچنین نور وجود
نیز کہ برین اعیان و قوابل تافتہ
اعیان بدان متصف نمی شوند و حکم
بہ وجود ایشان نمی توان کرد ازین رو
گفتہ اند مَا شَمَّتْ رَائِحَۃَ الْوُجُوْدِ
و نظر برین معنے است کہ ماہیات
مجعول بہ جعل جاعل نیستند چہ این
ماہیات کلیہ با بسائط وجود عینی
بہ ایشان ہرگز از مرتبۂ معقولیت
زائل نمی شوند و بہ درجۂ عینیت
نمی آیند اگرچہ توہم آن می شود
کہ اعیان در وجود ظاہر شدہ اند اما
فی الحقیقت وجود از اعیان ظاہر
شدہ مقرون بہ احکام ماہیات و
اعیان ایشان ہرگز بہ ظہور وجود

وجود ہین موافق قابلیات وجود مختلفہ
ظاہر ہوتا ہے چنانچہ جو صورت
آئینے مین دکھائی دیتی ہے آئینہ
اوس سے متصف نہین ہوتا اور نہ یہ کہا
جا سکتا ہے کہ وہ صورت آئینہ کی یا
آئینہ مین ہے اسی طرح وجود بھی۔ جو
ان اعیان و قوابل پر متجلی ہوا تو اعیان
اوس سے متصف نہین اور نہ اُن کے
وجود کا حکم دیا جا سکتا ہے اسی لیے کہا ہے
کہ اعیان نے وجود کی بو نہین سونگھی اور
اسی لیے ماہیات کسی کے بنائے نہین
ہین کیونکہ یہ ماہیات کلیہ وجود عینی کے
بسائط مین بھی ہرگز مرتبۂ معقولیت سے
زائل نہین ہوتے اور درجۂ عینیت
مین نہین آتے اگرچہ اس کا وہم ہوتا ہے
کہ وجود مین اعیان ظاہر ہوئے ہین
لیکن حقیقتاً وجود اعیان سے
مقرون بہ احکام ماہیات ہو کر ظاہر ہوا
ہے اور اعیان ہرگز ظہور مین ——

نمی آید چنانکہ مرآت بذات خود
مقتضی ظہور نور آفتاب شدہ خود
ہرگز بہ آفتاب متصف و ظاہر
نمی شود اما آفتاب بہ احکام آئینہ
از کوچکی و بزرگی و الوان آئینہ
متصف می شود و آئینہ خود در نور
آفتاب محو و مخفی است پس ہر
عین ثابت بہ حکم تغایر علمی تقابل
و محاذاتے با نور وجود حقیقی پیدا
گردانید و بہ حسب استعداد و قابلیت
ذاتی کہ دارد نور وجود عکسے بر ہر
یک انداخت بہ مثابہ آئینہاے
متلونہ و متشکلہ بہ الوان و اشکال
مختلفہ کہ در برابر آفتاب دارند
آفتاب در ہر آئینہ بہ رنگے و شکلے
می نماید و این عکوس متکثرہ را
عالم می گویند کہ آلۂ علم بہ وجود حقیقی
حق اند مانند خاتم کہ اسم آلۂ ختم و
مہر است پس وحدت نور واجبی از

نہین آتے جیسے کہ مرآت بذات خود
مقتضی ظہور نور آفتاب ہوا خود
ہرگز آفتاب سے متصف و ظاہر
نہین ہوتا مگر آفتاب آئینہ کے
احکام خردی و بزرگی و رنگ
سے متصف ہوتا ہے اور آئینہ
خود نور آفتاب مین محو و مخفی ہے
پس ہر عین ثابت بحکم تغایر
علمی نور وجود حقیقی سے مقابل
ہے اور اون کے استعداد و ذاتی
قابلیت کے موافق نور وجود اون
ہر ایک پر منعکس ہے جیسے
رنگین شیشے آفتاب کے روبرو کہ
آفتاب ہر شیشے مین جداگانہ
رنگ و شکل سے معلوم ہوتا ہے
اور ان عکوس کثیرہ کو عالم کہتے
ہین جو آلۂ علم بہ وجود حقیقی حق
ہین جیسے انگوٹھی جو ختم و مہر کے
آلہ کا نام ہے تو وحدت نور واجبی

کثرت ماہیات واعیان ممکنات
پدیدار آمد یعنی از بطون علمی بہ ظہور عینی
آمد و تعدد سے کہ دران نور واحد
پیدا شد از تعدد مرایا باز دیدگشتہ
فَافْهَمْ وَانْصِفْ

سوال سوم ۔ حق تعالے گفتہ
کُنْتُ کَنْزًا مَخْفِیًا فَاَحْبَبْتُ
اَنْ اُعْرَفَ فَخَلَقْتُ الْخَلْقَ
پس پیش از وجود خلق ۔ اللہ تعالے
عالم بہ ذات خود بود یا نہ بود اگر عالم
بود پس چرا چنین فرمود و اگر عالم
نہ بود روا نیست پس معنی این حدیث
چہ باشد و چرا فرمود یا بَنِیْ اٰدَمَ
خَلَقْتُ الْاَشْیَاءَ لِاَجْلِكَ وَ
خَلَقْتُكَ لِاَجْلِیْ پس حق تعالے
محتاج آدم باشد و محتاج خدائی را
نشاید پس حق تعالے محتاج خلق
است یا نیست

اقول حق پیش از آفرینش عالم

کثرت ماہیات واعیان ممکنات سے
ظاہر ہوئی ہے یعنی بطون علمی سے ظہور
عینی مین آئی اور یہ جو تعدد اوس نور واحد
مین ظاہر ہوا وہ آئینون ہی کے تعدد سے
دکھائی دیتا ہے ۔ لہذا سمجھ اور انصاف کر

تیسرا سوال ۔ حق تعالے نے فرمایا کہ
مین پوشیدہ خزانہ تھا تو مین نے دوست
رکھا کہ پہچانا جاؤن لہذا خلق کو پیدا
کیا تو قبل وجود خلق ۔ اللہ تعالے
اپنی ذات کا عالم تھا یا نہین ۔ اگر عالم
تھا تو کیون ایسا فرمایا اور اگر عالم نہ تھا
تو یہ جایز نہین پھر اس حدیث کے کیا
معنے ہوے اور یہ کیون فرمایا کہ اے
بنی آدم مین نے اشیا کو تیرے لیے اور تجھکو
اپنے لیے پیدا کیا تو حق تعالے آدم کا
محتاج ہوا اور محتاج خدائی کے قابل
نہین ۔ پس حق تعالے خلق کا محتاج
ہے یا نہین ۔

مین کہتا ہون کہ حق قبل از پیدایش عالم

عالم بذات خود بود و این حب نہ
بر سبیل احتیاج است و نہ از رہگذر
اقتصار بلکہ بہ محض عنایت خواست
کہ خود را در پردہ نماید عاشقے کہ شہرۂ
جمالش در شش جہت عالم اعتبار
افگند کجا بود ناگاہ خود آن ذات
کہ معبر بہ عشق است بہ محض عطوفت بہر
اظہار خویش پردہ برداشت و خود را
بر عین عالم جلوہ گر فرمود و عطوفت فرما
بہ حال عرفا شد ازین جہت قول عرفا
است کہ نشان کمال سالک آنست
کہ در حسن مجازی حسن حقیقی بیند و
مظہر این انسان کامل است کہ
عبارت از ذات نبوی ست صلعم
و شرف رتبۂ انسان جہت مظہریت
علم و قدرت و احدیت جمع و
آخریت اول است پس اقتضائے
تکلیف کرد ازان کہ چون فیض حق
از مبدء نزول فرماید تا بہ محاق وسط

اپنی ذات کا عالم تھا اور یہ حب نہ
بر سبیل احتیاج ہے نہ بر سبیل ضرورت
بلکہ بہ محض عنایت اپنے کو در پردہ دکھانا
چاہا ایسا عاشق ہوا اوس کا شہرۂ
جمال تمام عالم مین مشہور کرتا کہان
تھا ناگاہ خود اوس ذات نے جو معبّر
بہ عشق ہے محض عطوفت سے اپنے
اظہار کے لیے پردہ اوٹھا دیا اور
خود عالم پر جلوہ گر ہو کر عارفین کے
حال پر عطوفت فرما ہوا اسی لیے
عارفین کا قول ہے کہ کمال سالک
کی علامت یہ ہے کہ حسن مجازی مین
حسن حقیقی کو دیکھے اور اوس کا مظہر
انسان کامل ہے جو آنحضرت صلعم کی
ذات اقدس ہے اور انسان کی بزرگی
مظہر علم و قدرت و احدیت جمع و
آخریت اول ہونے سے ہے پس اقتضار
تکلیف کی کیونکہ جب فیض حق مبدأ سے
نازل ہوتا ہے تو جب تک وسط مین

نرسد عروج صورت نہ بندد کہ ظہور
برائے ہر یکے از مظاہر لازم است ٥

نہین پہونچ جاتا عروج نہین ہوتا اس لیے
ہر مظہر کے لیے ظہور لازمی ہے ٥

اے عشق توئی آئینۂ بود و نبود
بے غیر تو کس بود و نہ کس خواہد بود
وین طرفہ کہ بے روے کسے در رویت
ہر لحظہ ہزار نقش اغیار نمود

اے عشق تو ہی ہستی و نیستی کا آئینہ ہے
تیرے بغیر کچھ نہ تھا اور نہ ہوگا
اور یہ عجیب بات کہ بلا کسی صورت کے
ہر لحظہ ہزار غیر کے نقشے دکھائے

مراد از عشق درین مقام وجود حقیقی است
کہ عشق او نزد این طائفہ عین ذات
است و بر مثال سایر صفات و تصویر
این معنے آن کہ ہر حقیقتے کہ قائم بغیر
باشد موجود لذلک الغیر است و منشا کر
اتصاف آن غیر است بہ او و چون
قائم بہ ذات خود باشد منسوب
بہ غیر نباشد و موجود لذاتہ باشد
پس خود موصوف شود بہ خود مثلاً
اگر فرض کنی کہ حرارت از آتش برخیزد
و بہ ذات خود قایم باشد ہمہ حرارت
باشد و ہم حار باین معنیٰ کہ حرارت
بہ او قائم است قیام الشئی بنفسہ و

یہان عشق سے وجود حقیقی مراد ہے جس کا
عشق اس گروہ کے نزدیک عین ذات
ہے باقی صفات کی طرح اور اوس کی
تشریح یہ ہے کہ جو حقیقت قائم بغیر ہو
وہ اوس غیر کے لیے موجود اور اوس کا
منشا اتصاف ہے اور جب اپنی ذات مین قائم
ہوگا تو غیر کی طرف منسوب نہ ہوگا اور اپنی
ذات کے لیے موجود ہوگا تو خود با خود موصوف
ہوگا مثلاً اگر فرض کیا جائے کہ حرارت آگ
سے پیدا ہوتی ہے اور اپنی ذات
مین قائم ہوتی ہے تو سب حرارت ہوگی
اور حار بھی اس لیے کہ حرارت اوس سے
قائم ہے بسبب قیام شئے کے اپنی ذات مین اور

ایمۂ علوم عقلیہ و نقلیہ بران متفق اند
کہ صفات الٰہی عین ذات اند بنا برین
طائفۂ محققان اطلاق عشق
بران حضرت کنند فهو عشق و
عاشق و معشوق کما انہ علم
و عالم و معلوم و چون مقرر شد کہ
اعیان ثابتہ را اتصاف بہ وجود
نیست بلکہ بہ سبب ارتباط بہ موجود
حقیقی وجود مجازی می یابند و
آن نیز بہ حقیقت ظہور حق است
بہ صفات آن اعیان پس اعیان
بمنزلۂ صور مرآت باشند نسبت باذات
حق ایدون درست شد معنی قول
یا بنی آدم ع

سایۂ معشوق گر افتاد بر عاشق چہ شد
ما بہ او محتاج بودیم او بما مشتاق بود

در عالم اسباب است کہ مخدوم در
امور ضروریہ محتاج بہ خادم می شود
اما او را محتاج نمی گویند علی الخصوص

اور ائمہ علوم عقلی و نقلی اس پر متفق ہین
کہ صفات حق عین ذات ہین اسی لیے
یہ گروہ محققین عشق کا اطلاق اوس پر
کرتے ہین تو وہی عشق و عاشق و معشوق
ہے جس طرح وہی علم و عالم و معلوم
ہے اور چونکہ یہ ثابت ہو چکا کہ اعیان
ثابتہ متصف بہ وجود نہین بلکہ بوجہ
موجود حقیقی سے مرتبط ہونے کے موجود
مجازی ہین اور وہ بھی حقیقتاً حق ہی
کا ظہور اون صفات سے ہے تو اعیان
ذات حق کی نسبت سے بمنزلۂ
صورت آئینہ ہوئے اب قول یا بنی آدم
کے معنے ٹھیک ہو گئے ع
معشوق کا سایہ اگر عاشق پر پڑا تو
کیا ہوا ہم اوس کے محتاج تھے اور
وہ ہمارا مشتاق تھا + عالم
اسباب مین ہے کہ امور ضروری
مین مخدوم خادم کا محتاج ہوتا ہے
مگر اوس کو محتاج نہین کہتے خصوصاً

بر قول اہل توحید کہ ہمہ عین حق دانند آن جا محتاجی گنجایش نہ دارد کہ آن محتاج است بہ حاجت و محتاج و محتاج الیہ و وجہ حاجت و این جا ہمہ مفقود و ہمین مقصود است ہمچنین دیگر تشریفات اند در بارہ مخلوقات کہ معاذ اللہ نہ برای حاجت ذات خودی بود نہ برای غرضے دیگر بلکہ خود مشاہدۂ خویش منظور است ؎

خود کوزہ و خود کوزہ گر و خود گل کوزہ
خود رند سبوکش

خود بر سر آن کوزہ خریدار بر آمد
بشکست و روان شد

احتیاج دریا بہ حباب پیش ہر عالم چنانکہ ہست پوشیدہ نیست واللہ اعلم

سوال چہارم۔ حق فرمود کہ نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْہِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ بگو کہ ذات او بما از رگ گردن نزدیک تر است یا صفات او و نیز فرمود کہ

اہل توحید کے قول پر کہ وہ سب عین حق جانتے ہین وہان محتاجی کی گنجایش نہین کیونکہ اوس مین حاجت و محتاج و محتاج الیہ و وجہ حاجت کی ضرورت ہے اور یہان یہ کچھ نہین اور یہی مقصود ہے اسی طرح اور بھی بشارات مخلوقات کے بارے مین ہین جو معاذ اللہ کسی ذاتی غرض سے نہین ہین بلکہ خود اپنا مشاہدہ منظور ہے ؎ خود ہی کوزہ اور خود ہی کمہار اور خود ہی کوزہ کی مٹی ہے اور خود ہی رند سبوکش اور خود ہی اوس کوزے کو خریدا اور توڑ کر چلتا بنا

احتیاج دریا بہ حباب جیسی کچھ ہے وہ جاننے والے سے پوشیدہ نہین واللہ اعلم

چوتھا سوال۔ خدا نے فرمایا کہ مین شہرگ سے زیادہ اوس سے قریب ہون تو اوس کی ذات ہماری شہرگ سے زیادہ قریب ہے یا صفات اور یہ بھی اوس نے فرمایا

نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْهِ مِنْکُمْ وَلٰکِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ پس چیزے کہ از ما ہم نزدیک باشد محال است کہ ما اورا نہ دانیم ونہ شناسیم ومقرراست کہ چیزہائے کہ از ما دور تراند مثل آسمان وغیرہ آن را می شناسیم ومی بینیم از تقرب باطنی وہم از نظر ظاہر پس حق کہ ہم بہ ما نزدیک تراست چہ سبب کہ مشاہدہ نمی شود ومعیت او باخود درنمی یابیم

اقول مراد از نزدیکی نزدیکی بہ علم وقدرت است نہ بہ مکان۔ ما وردی گفتہ کہ حبل الورید رگے ست متصل بہ دل وعلم حق بہ بندہ نزدیک تراست از علم رگ دل وصاحب بحر الحقایق آوردہ کہ حبل الورید اقرب اجزائے نفس انسانی است بہ وے پس این سخن ایمائے ہست بآن کہ حق سبحانہ تعالے ازان قرب بہ بندہ اقرب است

کہ مین اوس سے بہ نسبت تمھارے زیادہ قریب ہون لیکن تم دیکھتے نہین ہو تو جو چیز ہم سے زیادہ نزدیک ہوگی محال ہے کہ ہم اوس کو نہ دیکھین یا نہ پہچانین اور یہ مقرر ہے کہ جو چیزین ہم سے دور ہین جیسے آسمان وغیرہ اون کو ہم بصیرت وبصارت دونون سے دیکھتے اور پہچانتے ہین تو خدا جو ہم سے زیادہ نزدیک ہے اوسے ہم کیون نہین دیکھتے اور اوس کو اپنے ساتھ کیون نہین پاتے

مین کہتا ہون کہ نزدیکی سے مراد نزدیکی بہ علم وقدرت ہے نہ بہ مکان ماوردی کہتے ہین کہ حبل الورید وہ رگ ہے جو دل سے متصل ہے اور خدا کا علم بندے سے علم رگ دل سے زیادہ نزدیک ہے صاحب بحر الحقایق کہتے ہین کہ حبل الورید اجزائے نفس انسانی مین اوس سے سب سے زائد قریب ہے تو اسمین اس طرف اشارہ ہے کہ حق تعالے بندہ سے بہ نسبت اوس قرب کے بھی زائد قریب

پس چنانکه انسان هرگاه که خود را طلبد
یابد حق را نیز هرگاه که جوید بیابد
وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي
فَإِنِّي قَرِيبٌ درزبور آمده است که
أَلَا مَنْ طَلَبَنِي وَجَدَنِي ؎

ہے جس طرح انسان خود کو ڈھونڈھتے
اور پاتے ہین خدا کو بھی اگر ڈھونڈھین تو
پائین حق تعالے فرماتا ہے کہ جب میرے
بندے تم سے میری بابت پوچھین تو مین قریب ہون
زبور مین ہے کہ جس نے مجھکو ڈھونڈھا اوس نے
پایا ؎ خدا نے فرمایا کہ مین شہرگ سے زیادہ

نحن اقرب گفت من حبل الورید
تو فگندی تیر فکرت را بعید
اے کمان و تیرہا بر ساختہ
صید نزدیک و تو دور انداختہ

اوس سے قریب ہون + اور تم اپنی فکر
دور دوڑاتے ہو + تیر و کمان بنا کر باوجود
شکار نزدیک ہونے کے تیر دور پھینکتے ہو +

کیفیت قرب جان که پیوسته بتن است
در نیی توان یافت قرب حق را که
از کیفیت منزه است چگونه ادراک
توان کرد ؎

جب کیفیت قرب روح بجسم معلوم نہین
کرپاتے تو قرب حق کو جو کیفیت سے منزہ
ہے کیسے ادراک کرسکوگے
؎

قرب بے چون ست جانت را بتو
قرب حق را چون ندانی اے عمو
قرب نے بالا و پستی رفتن است
قرب حق از قید ہستی رستن است

جب قرب روح ہی تمھارے ساتھ بے چون
ہے تو قرب حق ویسا ہی کیون نہین جانتے کیونکہ
قرب اوپر نیچے سے جانا نہین ہے بلکہ
قید ہستی سے چھوٹنا قرب ہے +

در کشف الاسرار آورده که قرب بنده
بحق آن ست که فرمود اقرب و در

کشف الاسرار مین ہے کہ بندہ کا قرب حق
سے یہ ہے جو اوس نے لفظ اقرب فرمایا اور

احادیث قدسیہ وارد است لایزال
العبد یتقرب الیّ بالنوافل واین
قرب بالایمان است وتصدیق باجنان
وتحقیق معنی مقام مشاہدہ ہم این ست
کہ اَنْ تَعْبُدَ اللّٰہَ کَاَنَّکَ تَرَاہُ
وقرب حق بہ بندہ را دو قسم است
یکے کافّہ خلق راکہ بہ علم وقدرت است
کہ وَھُوَ مَعَکُمْ اَیْنَمَا کُنْتُمْ - دیگر
خواص درگاہ را بہ لطف وشواہد لطف
کہ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْہِ اول خواص را
قربے دہند عینی تا از خیالش برہاند
پس قربے دہند حقیقی تا از آب وگلش
باز گرداند ہستی موہوم می کاہد و
ہستی اصلی ظہور می کند چنانکہ در
اول خود بود در آخر ہم خود باشد این جا
علایق مرتفع گردد واسباب منقطع و
رسوم باطل وحدود متلاشی وحق یکتا
بخود باقی ــہ
موج بحر لمن الملک بر آمد ناگاہ

احادیث قدسیہ مین آیا ہے کہ ہمیشہ
بندہ مجھ سے بذریعہ نوافل قرب
چاہتا ہے اور یہ قرب بہ ایمان و
تصدیق قلبی ہے اور مقام مشاہدہ
کی تحقیق بھی یہی ہے کہ اللہ کی عبادت
اس طرح کرو گویا تم اوس کو دیکھتے ہو اور
قرب حق بہ بندہ کی دو قسمین ہین
ایک تمام خلایق کے لیے بعلم وقدرت
کہ وہ تمھارے ساتھ ہے جہان کہین تم ہو-
دوسرے خواص درگاہ کے لیے بہ لطف و
شواہد لطف کہ ہم اوس سے قریب تر ہین اولاً
خواص کو قرب عینی عطا کرتے ہین جو اوسے
اپنے خیال سے چھوڑاتا ہے پھر قرب حقیقی
دیتے ہین جو اوسے مقتضیات ہستی سے باز رکھتا
ہے ہستی موہوم گھٹتی ہے اور ہستی اصلی ظاہر ہوتی ہے
جسطرح پہلے خود تھا آخر بھی خود ہی ہوگا یہان پہ
علایق مرتفع ہوجاتے ہین اور اسباب منقطع اور رسوم
باطل اور حدود غایب اور حق یکتا بخود باقی
ــہ دریائے لمن الملک سے ایک موج ناگاہ اوٹھی +

غرق گردید درین بحر چه درویش و چه شاه

خرمن هستی موهوم چنان سوزاند

آتش عشق که نے دانه بماند نے کاه

واین جا مراد از نزدیکی همین نزدیکی
خواص است دیگر تحقیق این در درة الملتقه
گفته ام باقی نه دیدن ما او را سبب
حجاب غفلت خودی است چنانکه
در خود مفهوم می شود که قفاے خویش
هم خود در نظر نمی آید دیدن اشیاے
بعیده چندان مستبعد نیست و لطیفه
دران همین است که این را بُعد و
حجاب فطرتی که عبارت از تعلق و
جدا شدن از مبدأ است افتاده تا این
حجاب مرتفع نه شود هستی حق به نظر
نه آید بقدر نیستی تو هستی حق ظاهر
می شود چنانچه حدیث مُوتُوا قَبْلَ
اَنْ تَمُوتُوا دلالت برین دارد و سه

تو درو گم شو وصال این است و بس

تو مباش اصلا کمال این است و بس

جس مین امیر فقیر سب ڈوب گئے
آتش عشق نے خرمن ہستی ایسا جلایا
کہ نہ دانہ باقی رہا نہ بھوسی + اور یہان
نزدیکی سے خواص کی نزدیکی مراد ہے اور
اس کی تحقیق مین نے درة الملتقہ مین
لکھی ہے باقی ہم جو اوس کو نہین دیکھ پاتے
یہ بسبب اپنے حجاب و غفلت خودی کے
جیسے اپنی گُدّی اپنے آپ کو نظر نہین آتی دُور
کی چیزون کا دیکھنا کچھ زیادہ مشکل نہین
اور اس مین یہ لطیفہ بھی ہے کہ یہ بُعد
حجاب فطرت (جو تعلق بہ خلق اور مبدأ
سے جدائی ہے) ایسا آپڑا ہے کہ جب تک
یہ دور نہ ہو ہستی حق نظر نہین آسکتی
بقدر نیستی ہستی حق ظاہر ہوتی ہے
جس پر حدیث شریف مُوتُوا
قَبْلَ اَنْ تَمُوتُوا دلالت کرتی
ہے سه

اوس مین گم ہو جانا ہی وصال ہے

اور کچھ نہ ہونا ہی کمال ہے

اشارہ برین است واین مخصوص بہ عرفاست تا حجاب خود بدر نزند آفتاب وحدت متجلی نہ شود وہمین براند اختن حجاب تمامی فقراست وَالْفَقْرُ اِذَا تَمَّ هُوَ اللّٰهُ

سوال پنجم ما چون غیر حق ہستیم چگونہ حق را با ما معیت باشد چہ محال است کہ حق بہ غیر خود نزدیک باشد اگر عین او ایم پس در یک عین جنسیت می باشد وحالانکہ عین جنس او نیستیم لقولہ تعالیٰ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ ما حادث ایم واو قدیم پس چگونہ با ما باشد اگر گوئی معیت او علمی است نہ ذاتی پس وقتے کہ او بود وہیچ نبود چگونہ عالم بود آیا عالم در ذات حق است یا حق در عالم اگر ذات پاک او بزرگ است باید کہ عالم در ذات او بود زیرا کہ انچہ در کاسہ خرد بود در کاسہ بزرگ می باشد

اور یہ خاص عارفین کے لیے ہے جب تک اپنا حجاب دور نہ ہوگا آفتاب وحدت ظاہر نہ ہوگا اور یہی حجاب اوٹھانا انتہائے فقر ہے اور فقر جب پورا ہوا وہی اللہ ہے

پانچوان سوال جب ہم غیر حق ہین تو اوس کی معیت ہمارے ساتھ کیسے ہوگی کیونکہ حق کا اپنے غیر سے نزدیک ہونا محال ہے اگر ہم عین ہین تو ایک عین مین جنسیت ہوتی ہے حالانکہ ہم اوس کے عین جنس نہین ہین کیونکہ خود فرماتا ہے کہ اوس کی مثل کوئی چیز نہین ہم حادث ہین اور وہ قدیم وہ کیسے ہمارے ساتھ ہو سکتا ہے اگر یہ کہو کہ اوس کی معیت علمی ہے نہ ذاتی تو جب وہ تھا اور کوئی نہ تھا تو عالم کیونکر تھا آیا عالم ذات حق مین ہے یا حق عالم مین اگر اوس کی ذات بزرگ ہے تو چاہیے کہ عالم اوسکی ذات مین ہو اس لیے کہ جو کچھ چھوٹے پیالے مین ہوتا ہے وہی بڑے پیالہ مین ہوتا ہے

واگر عالم بزرگ است باید کہ حق در عالم بود پس چگونہ از ذات قدیم او غیر ذات پیدا شد وحالانکہ گفت کَانَ اللّٰہُ وَلَمْ یَکُنْ مَعَہٗ شَیْئًا ہر آئینہ علم و قدرت و ارادت نیز جملہ شئے است لازم شد کہ اگر اینہا بودند پس چرا گفت کہ ہیچ شئے نہ بود ازین چنان معلوم می شود کہ صفات او با ذات او نبوده اگر بودے چگونہ غیر او نمی بود زیرا کہ او ہم شئے است بچہ طور درست اوکہ غیر از ذات او نبود پس چگونہ غیر موجود شد و او را با غیر معیت واقعی شد

اقول بدین نظر کہ پرتو آن آفتاب وحدتیم عین اوئیم و بہ خیال پندار پیدائی چندروزہ اسیر زحمت و غیریت جدا دیدہ۔ تفصیل این اجمال آن کہ غیریت ما ممکنات در حدّ ذات خود ہیچ نیست چہ ممکن از خود ہیچ وجود

اور اگر عالم بڑا ہے تو حق کو عالم مین ہونا چاہیے تو اوس کی ذات قدیم سے غیر ذات کیسے ظاہر ہوئی حالانکہ اوس کا ارشاد ہے کہ اللہ تھا اور اوس کے ساتھ کوئی چیز نہ تھی البتہ علم و قدرت و ارادہ بھی منجملہ اشیاء ہین لازم ہوا کہ اگر یہ سب تھے تو اوس نے یہ کیون کہا کہ کوئی چیز نہ تھی اس سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اوس کے صفات اوس کی ذات کے ساتھ نہ تھے اگر تھے تو وہ کیون اوس کے غیر نہ تھے اس لیے کہ صفت بھی شئے ہے تو کیسے یہ درست ہو سکتا ہے کہ بجز اوس کے کچھ نہ تھا تو غیر کیسے موجود ہوا اور او سے غیر سے کیسے معیت ہوئی۔

مین کہتا ہون اس لحاظ سے کہ ہم اوس آفتاب وحدت کے پرتو ہین اوس کے عین ہین اور چند روزہ ظہور کی خودی کے خیال سے زحمت و غیریت ابدی مین گرفتار اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ ہماری غیریت امکانی بذاتہ کچھ نہین ہے کیونکہ ممکن کا وجود ہی

نہ دارد پس ہمہ چیز از و مسلوب
باشد حتیٰ خودی خود و نظر بحقیقت
ظاہرہ در وہمہ چیز است چہ حق
باہمہ صفات کمال اجمالاً در ہر
ذرہ از ذرات موجودات متجلی است ؎
رو دیدہ بدست آر کہ ہر ذرۂ خاک
جامے است جہان نمائے چون درنگری
و این سخن مطابق آن ست کہ بعضے
اہل شہود گویند الکل فی الکل
ہمانا درین مقام مارسان حکمت
رسمی را شبہہ طاری می شود
چہ در علوم عقلیہ مقرر شدہ کہ
ماہیت فی حد ذاتہا از وہمہ چیز
غیر از ذات و ذاتیات او مسلوب
است چنانچہ می گویند لیست
الماہیۃ من حیث ہی الا
نفسہا و ذاتیاتہا فلیست من
حیث ہی واحداً و لا کثیراً
و لا غیرہما من العوارض

اپنا نہین ہے لہذا کل چیزین اوس سے
مسلوب ہون گی یہان تک کہ خودی بھی
اور بہ ظاہر سب چیزین اوس مین ہین کیونکہ
حق مع تمام صفات کمال مجملاً ہر ذرۂ
موجودات مین متجلی ہے ؎
جاؤ اور بینائی حاصل کرو کہ ہر
خاک کا ذرہ ایک جام جہان نما ہے
اور یہ بات بعضے اہل شہود کے مطابق ہے
جو یہ کہتے ہین کہ ہر چیز مین ہر چیز ہے
یہان پر اہل حکمت رسمی کو ایک شبہہ
ہوتا ہے کیونکہ علوم عقلیہ مین یہ طے ہو چکا
ہے کہ ماہیت فی حد ذاتہا سے بجز
اوس کی ذات و ذاتیات کے سب
چیزین مسلوب ہین چنانچہ کہتے
ہین کہ ماہیت من حیث الماہیت اپنی
ذات و ذاتیات سے مراد ہے تو
وہ من حیث الذات نہ ایک ہے نہ
بہت نہ اور عوارض اوس مین
ہین

وازین سخن لازم می آید که ممکن در
حدذات خود خود باشد و ذاتیات
او اورا ثابت باشند پس نتوان گفت
که در حد ذات خود هیچ نیست و وجه
دفع این شبهه آن ست که در علوم عقلیه
مقرر شده است که عقل بعد از
فرض ماهیت و ملاحظهٔ او با قطع
نظر از امور در حین فرض اورا
مشتمل بر ذاتیات خود می یابد و خالی
از غیر درین ملاحظه و این معنی در
نفس الامر مقارن وجود است لیکن
عقل اغماض از تعقل وجود و دیگر
عوارض کرده اورا بدین حال می یابد و
حاصل آن که ماهیت مذکوره موجود است
در عقل اما عقل ملاحظهٔ وجود او نه
کرده و این وجود عقلی اورا نه از ذات
خود است پس خود بخود هیچ نه باشد
اگر گویند که چون ممکن بذات خود
هیچ نیست پس بودن او از ذات

اور اس سے لازم آتا ہے کہ ممکن بذاتہ
خود ہو اور اوس کی ذاتیات اوس کے
لیے ثابت ہون تو یہ نہین کہہ سکین گے
کہ اپنی ذات مین کچھ نہین ہے اور یہ شبہہ
یون دفع ہوتا ہے کہ یہ امر علوم عقلیہ
مین طے شدہ ہے کہ عقل بعد فرض
ماہیت اور اوس کے ملاحظہ کے
دیگر امور سے قطع نظر کر کے فرض
کرنے کے وقت اوس کو اپنی ذات و
ذاتیات پر شامل اور اس ملاحظہ
مین غیر سے خالی پاتی ہے اور یہ معنے
نفس الامر مین وجود کے مقارن ہین لیکن
عقل وجود و دیگر عوارض کے تعقل سے
اغماض کر کے اوس کو ایسا پاتی ہے
خلاصہ یہ کہ ماہیت مذکورہ عقل مین
موجود ہے لیکن عقل نے اوس کا وجود ملاحظہ
نہین کیا اور یہ وجود عقلی خود اوس کا
ذاتی نہین ہے تو وہ خود کچھ نہین اگر کہین
کہ جب ممکن بذاتہ کچھ نہین ہے تو اوس کا

غیر خود باشد پس به اعتبار بودنِ خود
مجعول باشد و این منافی آن ست
که سابقاً تحقیق رفت جواب
آن است که اثر اولی فاعل نفس
ذات است و چون ذات از فاعل
صادر شد احتیاج به تاثیر جدید
در بودن او خود نیست بلکه عقل ازو
انتزاع می نماید که خود خود است بے
احتیاج به جعل اگر گویند که ازین
لازم می آید که اتصاف شے بذات
خود و ذاتیات او موقوف بر فاعل
باشد بنابر آن که ثبوت شئے مر شئے
را موقوف است بر وجود او و وجود ممکن
از فاعل جواب آن ست که بودن شئے
شئے مستلزم وجود اوست نہ موقوف
بر وجود پس بر تقدیر عینیت چرا
محال خواہد بود و بر ثبوت غیریت
ہم محال نہ خواہد بود معیت علمیہ
با معلوم گو او را تضاعف یکے بر

غیر سے موجود ہونا پایا جائیگا جو باعتبار
اپنی ہستی کے مجعول ہوگا اور یہ تحقیق
سابق کے خلاف ہے اس کا جواب یہ
ہے کہ اثر اولی فاعل نفس ذات ہے
اور جب فاعل سے نفس ذات صادر
ہوئی تو اوس کے خود ہونے مین تاثیر
جدید کی ضرورت نہین بلکہ عقل
اوس سے انتزاع کرتی ہے کہ خود ہی ہے
بلا ضرورت جعل اگر کہین کہ اس سے
لازم آتا ہے کہ شے کا اپنی ذات و
ذاتیات سے متصف ہونا فاعل پر
موقوف ہو کیونکہ شے کا ثبوت شے کے
لیے یہ اوس کے وجود پر موقوف ہے
اور وجود ممکن فاعل سے ہے جواب یہ ہے
کہ شے کا شے ہونا اوس کے وجود کو مستلزم
ہے نہ وجود پر موقوف پس بر تقدیر
عینیت کیون محال ہوگا اور بر ثبوت
غیریت بھی محال نہ ہوگا معیت علمیہ
معلوم کے ساتھ اگرچہ اوس کو ایک کی

دیگرے اطلاق کنند معیت نخوانند
ولیکن درحقیقت بوده است و نه بودن
جنسیت در یک بفہم نمی آید چه
ظاہر است کہ آفتاب و ماہتاب و
ستارہا از جنس فروغ یکے اند و باعتبار
مستفاد لہ غیر و نفی شلیت در آیۂ کریمہ
نفی شلیت بہ صفت وجوب بوده
است نہ در غیر آخر در صفات دیگر
مثل حیوٰۃ و علم وغیرہ گو ناقص باشد
ثابت است و این ثبوت بدولت
ہمان نسبت معلولیت است ورنہ
ما حادثیم و او قدیم لیکن حدوث ما
از کجا است آرے از ہمان قدیم است
پس چگونہ با ما نہ خواہد بود و نوات با شجر
چہ سان ہمراہ نہ خواہد شد معیت
واجب بر مذہب علماے ظاہر علمی ست
و پیش حضرات صوفیہ ذاتی ست
و واقعی ہیچ شے با او نہ بود و بود عالم
در علم حق کہ متعلق آن ذات است

دوسری پر زیادتی کہتے ہین معیت نہین
کہتے مگر درحقیقت ہوتی ہے اور ایک مین
جنسیت نہ ہونا سمجھ مین نہین آتا کیونکہ ظاہر
ہے کہ آفتاب و ماہتاب و ستارے
چمکنے مین ایک ہین اور تاثیر مین علیحدہ
اور آیت نفی شلیت مین صفت وجوب
کی نفی مثلیت ہے نہ کچھ اور آخر دوسری
صفات حیات و علم وغیرہ مین اگرچہ
وہ ناقص طور پر ہونا ثابت ہے کہ نہین اور
یہ ثبوت اوسی نسبت معلولیت کی بدولت
ہے ورنہ ہم حادث ہین اور وہ قدیم مگر
ہمارا حدوث آیا کہان سے اوسی قدیم
ہی سے تو پھر وہ کیسے ہمارے ساتھ
نہ ہوگا گٹھلی کی معیت درخت سے کیسے
نہ ہوگی معیت واجب بر مذہب علماے
ظاہر علمی ہے اور حضرات صوفیہ
کے نزدیک ذاتی اور واقعی اوس کے ساتھ
کچھ بھی نہ تھا اور عالم علم حق مین
تھا جو اوسی ذات سے متعلق ہے

حاشا ازین تعلق ترکیب او
تصور نہ کنی کہ عالم بنظر شیون
ومظہر واجبی عین اوست پس او در
عالم و عالم در و بزرگی و خردی
این جا ملحوظ نیست و علم و قدرت
فرض کردم کہ ہمہ شئے اند لیکن
شئے عین اوست نہ غیر او و حقیقت
واجبی در ہر زمان بصورتے مناسب
اہل آن ظاہر می شود لِکُلِّ
قَوْمٍ ھَادٍ - وَاِنْ مِّنْ اُمَّۃٍ
اِلَّا خَلَا فِیْھَا نَذِیْرٌ و در آخر
باکمل صور ظاہر گشت و نبوت
تشریعی باو ختم شد قَالَ الشَّیْخُ
مُحْیِ الدِّیْنِ اِبْنُ الْعَرَبِیِّ ھُوَ
اَظْھَرُ الْاَشْیَاءِ تَحَقُّقًا وَ اٰنِیَّۃً
وَاَخْفَاھَا حَقِیْقَۃً و حق ہم
ظاہر است وہم باطن کما قال
تعالیٰ ھُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ
وَالظَّاھِرُ وَالْبَاطِنُ پس

لیکن اس تعلق سے اوس کی ترکیب
ہرگز تصور نہ کرنا چاہیے عالم بنظر شیون
ومظہر واجبی اوس کا عین ہے تو وہ
عالم مین اور عالم اوس مین ہے
بزرگی و خردی کا لحاظ یہان نہین
اور علم وقدرت اگرچہ سب شے ہین
لیکن شے اوس کی عین ہے نہ غیر اور
حقیقت واجبی ہر زمانے مین اوس زمانے
والون کے مناسب ظاہر ہوتی ہے
ہر قوم کا ایک ہادی ہے - اور ایسی
کوئی امت نہین جس مین کوئی ڈرانے
والا ہمیشہ نہ ہوا ہو آخر مین نہایت کامل
صورت مین ظاہر ہوئی اور نبوت تشریعی
اوس پر ختم ہوئی شیخ محی الدین ابن
عربی کہتے ہین کہ وہ از روے تحقق سب
چیزون سے زیادہ ظاہر اور از روے
حقیقت سب سے زیادہ پوشیدہ ہے اور
حق ظاہر بھی ہے اور باطن بھی جیسا کہ خود
فرماتا ہے وہی اول و آخر و ظاہر و باطن ہے پس

ظاہر و باطن جہان باین وجہ
معلوم شد و در تحت این معنے
دیگر است و آن این کہ ہر یک از
وجوب و امکان مرآت یک دیگر اند
و مرآت ازان رو کہ مرآت است
مرئی نیست و باطن است و مرئی ظاہر
پس بنا بر این اعتبار حمل ظاہر و
باطن بر ہر یک ازان دیگر توان کرد

سوال ششم چون حق فرمود
کہ خلق را برائے شناختن آفریدہ ام
و نیز مَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ
اِلَّا لِیَعْبُدُوْنِ گفتہ چون خلق
را برائے شناختن ذات خود آفرید
پس قیامت و خرابی عالم برائے
چیست۔

اقول اقامت قیامت برائے
شناختن خود بہ خود نہایت مناسب
است چہ این بمنزلۂ آن ست کہ کسے
چیزے ساخت و حفظ صحت بر داشتہ

ظاہر و باطن عالم ہونا اس طور سے
معلوم ہوا ہے اور اس مین ایک معنے اور
بھی یہ ہین کہ وجوب و امکان ہر ایک
دوسرے کا آئینہ ہے اور آئینہ
بحیثیت آئینہ ہونے کے مرئی نہین
آئینہ باطن ہے اور مرئی ظاہر اس
اعتبار سے ظاہر و باطن کا حمل ہر ایک
پر ہوسکتا ہے۔

چھٹا سوال حق تعالے نے فرمایا
کہ خلق کو ہم نے پہچاننے کے لیے پیدا
کیا اور یہ بھی فرمایا کہ ہم نے جن و
انس کو عبادت کے لیے پیدا کیا جب
خلق کو اپنی شناخت کے لیے پیدا
کیا تو قیامت اور خرابی عالم کی
کیا ضرورت ہے۔

مین کہتا ہون کہ قیامت قائم کرنا
اپنی شناخت کے لیے نہایت مناسب
ہے یہ ایسے کہ جیسے کسی نے ایک چیز
بنائی اور اوس کی اچھائی کا فائدہ اٹھا کر

باز در ہم شکست بدین غرض کہ بہتر
ازین خواہد ساخت یا حظ کاملے کہ بانی
برین بنا شدہ بود کامل گشت و
لطیفۂ درین قیامت دیگر ہم
این است کہ ہمہ ممکنات در بقاے
سرمدی خود دعوی خدائی
می کردند چنانچہ بعض فرقہا از
ہمین قبیل تخیلات گمراہ شدہ اند
وخرابی وغیرہ بعینہ چنین است کہ
مصورے تصاویری کشیدہ را
بہ ہر کس می نماید وناکارہ را برآشفتہ
می درد ہرچند کہ آن ناکارہ بہ مرتبۂ
خود کارآمد است لیکن بہ نسبت دیگر
ناکارہ ہمچنین حق تعالے عباد زہاد را
ملاحظہ فرمودہ از فرشتگان خواہد
فرمود کہ بہ بینید اینہا باتن ملوث
بہ الواث ردیہ ہمچو شما کہ از ہمہ
خواہش منزہا نید کارہا کردہ اند وشما
می گفتید کہ نحن نسبح بحمدک

